# اسلام میں خلع کی حقیقت

جسٹس مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہم العالی

ضبط و ترتیب
محمد عبداللہ میمن

میمن اسلامک پبلشرز
۱۸۸/۱۔ لیاقت آباد، کراچی ۱۹

# عرض ناشر

تمام فقہاء کا اس پر اتفاق ہے کہ ''خلع'' شوہر اور بیوی کا ایک باہمی معاملہ ہے جو فریقین کی رضامندی پر موقوف ہے۔ لیکن ۱۹۶۷ء میں سپریم کورٹ آف پاکستان کے بعض جج صاحبان نے یہ فیصلہ دیا کہ اگر عدالت تحقیق کے ذریعہ اس نتیجے پر پہنچے کہ زوجین حدود اللہ قائم نہیں رکھ سکیں گے تو عدالت شوہر کی رضامندی کے بغیر خلع کرا سکتی ہے۔ چنانچہ اس فیصلے کے خلاف حضرت مولانا محمد مفتی تقی عثمانی صاحب مدظلہم نے یہ مقالہ تحریر فرمایا۔ اور اس فیصلے کا تفصیل جواب دیا جو پیش خدمت ہے۔

**ولی اللہ میمن**

**میمن اسلامک پبلشرز**



# فہرست مضامین


| مضامین | صفحہ |
|---|---|
| ۱۔ اسلام میں خلع کی حقیقت | ۱۲۷ |
| ۲۔ تعارف | ۱۳۷ |
| ۳۔ مسئلہ زیر بحث | ۱۴۲ |
| ۴۔ مساوات | ۱۴۴ |
| ۵۔ آیت کا سیاق | ۱۵۱ |
| ۶۔ خلع فسخ ہے یا طلاق؟ | ۱۵۷ |
| ۷۔ حضرت جمیلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا واقعہ | ۱۷۱ |
| ۸۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک ارشاد | ۱۷۶ |
| ۹۔ مثبت دلائل | ۱۸۰ |
| ۱۰۔ فقہاء کی عبارتیں | ۱۸۴ |
| ۱۱۔ حنفی مسلک | ۱۸۴ |
| ۱۲۔ شافعی مسلک | ۱۸۵ |
| ۱۳۔ مالکی مسلک | ۱۸۶ |
| ۱۴۔ حنبلی مسلک | ۱۸۶ |
| ۱۵۔ خلع کا فقہی مفہوم | ۱۸۹ |
| ۱۶۔ قاضی کی تفریق بین الزوجین | ۱۹۱ |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# اسلام میں خُلع کی حقیقت

## تعارف

اگر کوئی عورت اپنے شوہر کو کسی وجہ سے اتنا ناپسند کرتی ہو کہ اس ساتھ کسی قیمت پر نبھاؤ ممکن نہ رہا ہو تو اس کا بہترین طریقہ تو یہ ہی ہے کہ وہ شوہر سمجھا بجھا کر طلاق دینے پر آمادہ کرے' ایسی صورت میں شوہر کو بھی یہی چاہئے کہ جب وہ نکاح کے رشتے کو خوشگواری کے ساتھ نبھتا نہ دیکھے' اور یہ محسوس کرے کہ اب یہ رشتہ دونوں کے لئے ناقابل برداشت بوجھ کے سوا کچھ نہیں رہا تو وہ شرافت کے ساتھ اپنی بیوی کو ایک[1] طلاق دے کر چھوڑ دے' تاکہ عدّت گزرنے کے بعد وہ

---

[1] طلاق دینے کا صحیح طریقہ یہی ہے کہ جس زمانے میں عورت پاک ہو' اسے صرف ایک طلاق دی جائے' طلاق کا لفظ صرف ایک مرتبہ استعمال کیا جائے اور اس کے بعد اس سے علیحدگی اختیار کرلی جائے' اس طرح عدّت گذرنے کے بعد وہ خود آزاد ہوجائے گی۔ ہمارے معاشرے میں یہ رواج انتہائی تباہ کن صورت اختیار کرتا جارہا ہے کہ جب بھی طلاق کی نوبت آتی ہے شوہر تین سے کم طلاق نہیں دیتا' خوب یاد رکھنا چاہئے کہ بیک وقت تین طلاقیں دے ڈالنا گناہ ہے' اور اس گناہ کی دنیوی سزا یہ ہے کہ اس کے بعد اگر میاں بیوی دوبارہ نکاح بھی کرنا چاہیں تو حلالہ کے بغیر نکاح بھی نہیں ہوسکتا۔ آجکل لوگ بہ کثرت اس میں مبتلا ہیں اور تین طلاقیں دینے کے بعد عموماً شرمسار اور پریشان ہوتے ہیں۔

جہاں چاہے نکاح کرسکے۔

لیکن اگر شوہر اس بات پر راضی نہ ہو تو عورت کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ شوہر کو کچھ مالی معاوضہ پیش کرکے اسے آزاد کرنے پر آمادہ کرسکتی ہے' عموماً اس غرض کے لئے عورت مہر معاف کردیتی ہے' اور شوہر اُسے قبول کرکے عورت کو آزاد کردیتا ہے۔ اس کام کے لئے اسلامی شریعت میں جو خاص طریقِ کار مقرر ہے اسے فقہ کی اصلاح میں "خُلع" کہا جاتا ہے۔

"خُلع" عربی زبان کا لفظ ہے' اور "خَلعٌ" سے نکلا ہے جس کے معنی "اُتارنے" کے آتے ہیں' عرب کہتے ہیں کہ خلعت اللباس (میں نے لباس اتار دیا)' اس لفظ کو زوجین کی جدائی کے لئے اس لئے مستعار لیا گیا ہے کہ قرآن کریم میں شوہر اور بیوی کو ایک لباس قرار دیا گیا ہے' اور خُلع کے ذریعہ دونوں اپنا یہ معنوی لباس اتار دیتے ہیں۔ (المطرزیؒ : المغرب صفحہ ۱۶۵ جلد ا دکن سنہ ۱۳۲۸ء وفتح القدیر صفحہ ۱۹۹ جلد ۳ المطبعۃ الامیریۃ ۱۳۱۶ھ)

علامہ ابن ہمام رحمۃ اللہ علیہ نے "خُلع" کی اصطلاحی تعریف اس طرح کی ہے :

﴿ ازالۃ ملك النكاح ببدل بلفظ الخلع ﴾

"خلع کے لفظ کے ذریعہ معاوضہ لے کر ملکِ نکاح کو زائل کرنا"۔

(ابن الہمامؒ : فتح القدیر صفحہ ۱۹۹ جلد ۳)

نکاح اور دوسرے شرعی معاملات کی طرح خُلع بھی ایجاب و قبول کے ذریعہ انجام پاتا ہے[12]۔ لیکن اگر زیادتی مرد کی طرف سے ہو تو تقریباً تمام فقہاء کرامؒ کا اس

[12] الکاسانیؒ : بدائع الصنائع صفحہ ۱۴۵ جلد ۳ مطبعۃ الجمالیۃ مصر ۱۳۲۸ھ وابن رشدؒ : بدایۃ المجتہد صفحہ ۶۸ جلد ۲ مصطفیٰ البابی ۱۳۷۹ھ وابن عابدینؒ : رد المحتار صفحہ ۶۰۶ جلد ۲ مصطفیٰ البابی



پر اتفاق ہے کہ شوہر کے لئے معاوضہ لینا جائز نہیں' اسے چاہئے کہ معاوضہ کے بغیر عورت کو طلاق دے دے[13]' ایسی صورت میں اگر مرد معاوضہ لے گا تو مرتکبِ حرام اور سخت گناہ گار ہو گا[14]۔ اس لئے کہ اس بارے میں قرآن کریم کا واضح ارشاد یہ ہے :

﴿ وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْئًا اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴾ (النساء)

"اور اگر تمہارا ارادہ ہو کہ ایک بیوی کی جگہ دوسری بدلو' اور ان میں سے ایک کو تم نے کچھ مال دیا ہو تو اس مال میں سے کچھ (واپس) نہ لو' کیا اس کو بہتان اور کھلے گناہ کے طور پر واپس لوگے؟"۔

ہاں اگر زیادتی عورت ہی کی جانب سے ہو اور وہی رشتۂ نکاح کو فسخ کرنا چاہتی ہو تو اس صورت میں مرد کے لئے معاوضہ لینا جائز ہے' لیکن بہتر یہ ہے کہ یہ معاوضہ مہر کی مقدار سے زائد نہ ہو' تاہم اگر مہر سے زیادہ مقدار باہمی رضامندی سے مقرر کرلی گئی تو بھی خُلع صحیح ہو گا اور عورت کو پورا مقررہ معاوضہ دینا ہو گا۔ (بدائع الصنائع صفحہ ۱۵۰ جلد ۳ والبحر الرائق صفحہ ۸۳ جلد ۴)

قرآن کریم کی مندرجہ ذیل آیت کا یہی مطلب ہے :

﴿ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْئًا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ ﴾ (البقرة)

[13] عالمگیریہ صفحہ ۵۱۵ جلد ا مصطفیٰ البابی وبدائع الصنائع صفحہ ۱۵۰ جلد ۳۔

[14] ابن نجیمؒ : البحر الرائق صفحہ ۸۳ جلد ۴ المطبعۃ العلمیہ وابن الہمام رحمۃ اللہ علیہ : فتح القدیر ۲۰۲ جلد ۳۔

"اور جو مال تم نے اپنی بیویوں کو (مہر وغیرہ کے طور پر) دیا ہے، اس میں سے کچھ واپس نہ لو۔ الّا یہ کہ زوجین کو اس بات کا خوف ہو کہ وہ اللہ کی حدود کو قائم نہیں رکھیں گے، پس اگر (اے حکام) تم کو خوف ہو کہ زوجین اللہ کی حدود کو قائم نہیں رکھیں گے تو ان دونوں پر اس مال میں کوئی گناہ نہیں ہے جسے عورت بطور فدیہ دے (اور اپنی جان چھڑالے) "۔

"خُلع" کا معاملہ زوجین ازخود کرسکتے ہیں، بعض فقہاء نے اس کے لئے عدالت سے رجوع کرنا ضروری قرار دیا ہے، لیکن ائمہ اربعہ اور جمہور فقہاء کے نزدیک یہ معاملہ باہمی رضامندی سے ہوسکتا ہے، عدالت میں جانے کی ضرورت نہیں[1]

پھر اس میں فقہاء مجتہدین کا اختلاف ہے کہ "خُلع" کی حیثیت طلاق کی ہے یا فسخ کی؟ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت سعید بن مسیّب، حسن بصری، عطاء، قاضی شریح، شعبی، ابراہیم نخعی، جابر بن زید رضی تعالیٰ عنہ، امام مالک رحمۃ اللہ علیہ، امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، سفیان ثوری، امام اوزاعی، اور صحیح قول کے مطابق امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مسلک بھی یہی ہے کہ خُلع طلاق ہے، لیکن حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، طاوس، عکرمہ، امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ، اسحٰق بن راہویہ، ابوثور، اور داؤد ظاہری کا کہنا یہ ہے کہ خلع فسخِ نکاح ہے اور اس پر طلاق کے احکام جاری نہیں ہوں گے، امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ، کا قدیم مذہب بھی یہی تھا لیکن پھر انھوں نے پہلے مذہب کو

[1] السرخسیؒ : المبسوط صفحہ ۱۷۳ جلد ۶ مطبعۃ السعادۃ ۱۳۲۴ھ وابن قدامہ : المغنی صفحہ ۵۲ جلد ۷ دارالمنار ۱۳۶۷ھ۔ القرطبی : الجامع لاحکام القرآن صفحہ ۱۳۸ جلد ۳ دارالکتب المصریہ ۱۹۳۶ء والشافعیؒ : کتاب الام صفحہ ۲۰۰ جلد ۵ مکتبۃ الکلیات الازہریہ ۱۳۸۱ھ



اختیار کرلیا تھا۔ (تفسیر ابن کثیرؒ صفحہ ۲۷۵ جلد اول المکتبۃ التجاریۃ الکبریٰ سنہ ۱۳۵۶ھ وبدایۃ المجتہد صفحہ ۶۹ جلد ۲)

اس اختلاف کا مطلب سمجھنے کے لئے یہ ذہن نشین کرنا ضروری ہے کہ اسلام نے مرد کو تین طلاقوں کا اختیار دیا ہے، اگر وہ ان تینوں طلاقوں کو بیک وقت دینے کا گناہ کرے تو پھر بیوی سے نہ رجوع کرسکتا ہے اور نہ حلالہ کے بغیر دوبارہ نکاح ہوسکتا ہے۔ لیکن اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو صرف ایک طلاق دے، اسے دوبارہ رشتۂ نکاح قائم کرنے کا اختیار رہتا ہے، اب اگر وہ اس اختیار کو استعمال کرکے بیوی کو دوبارہ نکاح میں لے آئے تو چونکہ وہ ایک طلاق پہلے استعمال کرچکا ہے، اس لئے اسے اب صرف دو طلاقوں کا اختیار رہے گا، یعنی اگر وہ دو طلاقیں بھی دے دے گا تو پھر بیوی سے نہ رجوع کرسکے گا، نہ حلالہ کے بغیر دوسرا نکاح۔

اب جو حضرات "خُلع" کو طلاق قرار دیتے ہیں، ان کے نزدیک جو شخص اپنی بیوی سے ایک مرتبہ خُلع کرلے تو یہ طلاق شمار ہوگی، لہٰذا اگر وہ اس کی رضامندی سے اسے دوبارہ نکاح میں لے آئے تو اسے اب صرف دو طلاقوں کا اختیار رہو گا، یعنی اب وہ اگر دو طلاقیں بھی دے دیگا تو طلاقِ مغلّظ واقع ہوجائے گی، جس کے بعد دوبارہ نکاح بھی حلالہ کے بغیر نہیں ہوسکے گا۔ لیکن جو حضرات خلع کو فسخ قرار دیتے ہیں ان کے نزدیک اگر خُلع کے بعد میاں بیوی باہمی رضامندی سے دوبارہ نکاح کرلیں تو شوہر کو بدستور تین طلاقوں کا اختیار رہتا ہے، اور صرف دو طلاقوں سے بیوی مُغلّظ نہیں ہوتی کیونکہ خلع کو طلاق شمار نہیں کیا گیا۔

(السرخسیؒ : المبسوط صفحہ ۱۷۳ جلد ۶)

لیکن اس پر اتفاق ہے کہ خلع سے عورت بائنہ ہوجاتی ہے، یعنی اس کے بعد شوہر یکطرفہ طور پر رجوع نہیں کرسکتا، ہاں دونوں کی باہمی رضامندی سے دوبارہ نکاح ہوسکتا ہے، صرف سعید بن مسیّبؒ اور ابن شہابؒ سے ایک روایت یہ منقول ہے کہ اگر مرد عدّت کے دوران بدلِ خلع واپس کردے تو یکطرفہ طور پر رجوع کرسکتا

ہے' لیکن جمہور فقہاءؒ نے اس قول کو قبول نہیں کیا۔

(ابن رشدؒ : بدایۃ المجتہد صفحہ ۷۰ جلد ۲)

معاوضہ دیکر طلاق حاصل کرنے کے لئے "خلع" کے علاوہ "مبارات"، "صلح"، "فدیہ" اور طلاق علی مال کے الفاظ بھی مستعمل ہیں' ان کے درمیان فرق لفظی نوعیت کا ہے' اسی لئے یہ تمام الفاظ ایک دوسرے کے معنی میں استعمال ہوتے رہتے ہیں' البتہ بعض مالکی فقہاءؒ نے ان الفاظ میں اصطلاحی فرق بیان کیا ہے کہ :

> "اگر عورت پورے مہر کے بدلے میں طلاق حاصل کرے تو اسے خلع کہیں گے' اور اگر مہر کا کچھ حصّہ معاوضہ قرار پائے تو وہ فدیہ کہلائے گا' اور اگر مہر سے زائد مقدار کو عوض مقرر کیا جائے تو وہ صلح ہوگی' اور اگر طلاق کے بدلے میں عورت اپنا کوئی اور حق ساقط کرے تو اسے مبارات کہا جائے گا"۔
>
> (ابن رشدؒ : بدایۃ المجتہد صفحہ ۶۶ جلد ۲ وفتح الباری ۳۳۲ جلد ۹ وتفسیر القرطبی صفحہ ۱۴۶ و ۱۴۷ جلد ۳)

## مسئلہ زیرِ بحث

"خلع" اور اس کے احکام کا یہ نہایت مختصر تعارف اس لئے پیش کیا گیا ہے تاکہ آئندہ مباحث کے سمجھنے میں آسانی ہو' اس مقالے میں خلع کے تمام احکام کو بالاستیعاب پیش کرنا مقصود نہیں' بلکہ خلع سے متعلق ایک خاص مسئلے پر گفتگو کرنا ہے جو چند سالوں سے ہمارے ملک میں خاصی اہمیت حاصل کرچکا ہے۔ جیسا کہ ہم آگے تفصیل سے بیان کریں گے۔



اب تک تمام فقہاء اور مجتہدین کا اس پر اتفاق چلا آتا ہے کہ "خلع" شوہر اور بیوی کا ایک باہمی معاملہ (TRANSACTION) ہے جو فریقین کی رضامندی پر موقوف ہے' لہٰذا کوئی فریق دوسرے کو اس پر مجبور نہیں کرسکتا۔ نہ شوہر کو یہ حق ہے کہ وہ بیوی کو خلع پر قانوناً مجبور کرے' اور نہ بیوی کو یہ حق ہے کہ وہ شوہر سے بزورِ قانون خلع حاصل کرے۔

غیر منقسم ہندوستان اور پاکستان کی عدالتیں بھی مسلمانوں کے مقدّمات میں اسی اصول کے مطابق فیصلے کرتی آئی تھیں۔ اس سلسلے میں عمرٰبی بی بنام محمد دین اور سعیدہ خانم بنام محمد مسیح کے دو مقدّمات کافی مشہور ہیں' عمرٰبی بی بنام محمد دین کے مقدّمے میں جسٹس عبدالرحمٰن اور جسٹس ہارنس نے متفقہ طور پر یہ فیصلہ دیا تھا کہ عورت شوہر کی مرضی کے بغیر خلع نہیں کرا سکتی۔

(عمرٰبی بی بنام محمد دین۔ اے۔ آئی۔ آر۔ سنہ ۱۹۴۵ء لاہور ۵۱)

اسی طرح سعیدہ خانم بنام محمد مسیح کے مقدّمے میں جسٹس اے۔ آر۔ کارنیلیس' جسٹس محمد جان اور جسٹس خورشید زمان صاحبان نے بھی یہ فیصلہ کیا تھا کہ شوہر کی رضامندی کے بغیر خلع نہیں ہوسکتا۔ اور محض اختلافِ مزاج' ناپسندیدگی اور نفرت کی بناء پر عدالت نکاح کو فسخ نہیں کرسکتی۔

(سعیدہ خانم بنام محمد مسیح۔ پی ایل ڈی سنہ ۱۹۵۲ء۔ لاہور ۱۱۳)

لیکن سنہ ۱۹۵۹ء میں لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس شبیر احمد' جسٹس بی۔ زیڈ۔ کیکاؤس اور جسٹس مسعود احمد صاحبان نے بلقیس فاطمہ بنام نجم الاکرام کے مقدّمے میں یہ فیصلہ دے دیا کہ اگر عدالت تحقیق کے ذریعہ اس نتیجے تک پہنچ جائے کہ زوجین حدود اللہ کو قائم نہیں رکھ سکیں گے تو عدالت شوہر کی رضامندی کے بغیر خلع کرا سکتی ہے۔

(بلقیس فاطمہ بنام نجم الاکرام۔ پی ایل ڈی سنہ ۱۹۵۹ء لاہور ۵۶۶)

پھر سنہ ۱۹۶۷ء میں سپریم کورٹ کے معزز جج صاحبان جسٹس ایس۔اے۔رحمان، جسٹس فضل اکبر، جسٹس حمود الرحمٰن، جسٹس محمد یعقوب علی اور جسٹس ایس اے محمود صاحبان نے بھی خورشید بیگم بنام محمد امین کے مقدّمے میں اسی نقطۂ نظر کو اختیار کیا ہے۔

(خورشید بیگم بنام محمد امین۔ پی ایل ڈی سنہ ۱۹۶۷ء سپریم کورٹ ۹۷)

اس مقالے میں ہم خلع سے متعلق خاص اسی مسئلے پر گفتگو کریں گے کہ آیا خلع زوجین کی باہمی رضامندی کا معاملہ ہے یا ان میں سے کوئی دوسرے کو اس کی رضامندی کے بغیر خلع پر مجبور بھی کرسکتا ہے؟

ہماری تحقیق کی حد تک امّتِ اسلامیہ کے تقریباً تمام فقہاء مجتہدین اس بات پر متفق ہیں، اور قرآن وسنت کے دلائل بھی اسی کی تائید کرتے ہیں کہ خلع فریقین کی باہمی رضامندی کا معاملہ ہے اور کوئی فریق دوسرے کو اس پر مجبور نہیں کرسکتا۔ اس مقالے میں ہم اسی بات کے مفصّل دلائل پیش کرنا چاہتے ہیں۔

جناب جسٹس ایس۔ اے رحمان صاحب کی ہمارے دل میں بڑی قدرو منزلت ہے، وہ ایک قابلِ احترام دانشور ہیں، اور انہوں نے اپنی تحریروں سے ملک و ملت کی قابلِ قدر خدمات انجام دی ہیں، لیکن چونکہ زیرِ بحث مسئلے میں ہمارے نزدیک ان کا موقف جمہور امّت کے خلاف اور شرعی اعتبار سے نادرست ہے، اس لئے ہم یہاں ان کے دلائل پر تبصرہ کرنا چاہتے ہیں۔

## مساوات

جناب جسٹس ایس اے رحمان صاحب نے سب سے پہلے مندرجہ ذیل آیت قرآنی سے استدلال کیا ہے :



﴿ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ ﴾

"اور عورتوں کے بھی حقوق ہیں جو مثل انہی حقوق کے ہیں جو ان عورتوں پر ہیں قاعدہ کے موافق"۔

جسٹس صاحب نے اس آیت سے اس بات پر استدلال کیا ہے کہ جس طرح مرد کو عورت کی رضامندی کے بغیر طلاق کا قانونی حق دیا گیا ہے، اسی طرح عورت کو بھی مرد کی رضامندی کے بغیر خلع کا حق ملنا چاہئے۔

(پی ایل ڈی سنہ ۱۹۶۷ء سپریم کورٹ صفحہ ۱۱۴)

لیکن یہ استدلال بوجوہِ ذیل درست نہیں ہے :

① جسٹس صاحب نے اس آیت کے آگلے جملے پر غور نہیں فرمایا، قرآن کریم میں پوری آیت اس طرح ہے :

﴿ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴾

"اور عورتوں کے بھی حقوق ہیں جو مثل انہی حقوق کے ہیں جو ان عورتوں پر ہیں قاعدہ کے موافق اور مردوں کا ان کے مقابلے میں کچھ درجہ بڑھا ہوا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ زبردست ہیں حکیم ہیں"۔

(ترجمہ ماخوذ از حضرت تھانوی)

اس آیت میں وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ کے الفاظ واضح طور پر دلالت کررہے ہیں کہ بعض معاملات میں جو اختیارات مرد کو حاصل ہیں وہ عورت کو حاصل نہیں ہیں۔

② اگر اس آیت کا مطلب یہ لیا جائے کہ زوجین تمام حقوق و فرائض میں بالکل برابر ہیں تو پھر اس کی کیا وجہ ہے کہ مرد کو بغیر معاوضہ دیئے طلاق دینے کا اختیار

حاصل ہے اور عورت معاوضہ ادا کئے بغیر طلاق حاصل نہیں کرسکتی۔ حالانکہ زوجین کی مساوات کا اگر یہ مفہوم لیا جائے کہ رشتۂ نکاح کو قطع کرنے میں بھی دونوں برابر ہیں تو عورت کو بھی مرد کی طرح طلاق کا اختیار ملنا چاہئے۔ حالانکہ یہ وہ بات ہے جسے جسٹس صاحب بھی تسلیم نہیں فرماتے۔

(۳) تمام فقہاء اور مفسرین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اس آیت میں زوجین کی جس مساوات کا ذکر کیا گیا ہے وہ معاشرتی مساوات ہے، ورنہ جہاں تک طلاق اور رشتۂ نکاح کو ختم کرنے کا سوال ہے، معمولی حالات میں اس کا مکمل اختیار صرف مرد کو ہے، اور اسی کی طرف قرآن کریم میں ان الفاظ کے ذریعہ اشارہ کیا گیا ہے :

﴿ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ﴾

"اور مردوں کا ان (عورتوں) کے مقابلے میں کچھ درجہ بڑھا ہوا ہے"۔

اس معاملے میں فقہاء و مفسرین کے چند اقوال درج ہیں :

(الف) حضرت ابو مالکؒ فرماتے ہیں کہ :

﴿ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ قَالَ يُطَلِّقُهَا وَلَيْسَ لَهَا مِنَ الأَمْرِ شَيْئٌ ﴾

آیت قرآنی وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ کا مطلب یہ ہے کہ مرد عورت کو طلاق دے سکتا ہے، لیکن عورت کو اس معاملے میں کوئی اختیار نہیں"۔

(اخرجہ عبد بن حمید و ابن ابی حاتم عن ابی مالکؓ۔ الدر المنثور للسیوطیؒ صفحہ ۲۷۷ جلد ۱)

(ب) امام فخرالدین رازی رحمۃ اللہ علیہ (شافعی) اس آیت کی تشریح کرتے



ہوئے پہلے لکھتے ہیں :

﴿ ان المقصود من الزوجية لا يتم الا اذا كان كل واحد منهما مراعيا حق الآخر وتلك الحقوق المشتركة كثيرة نشير الى بعضها ﴾

(الرازیؒ: تفسیر کبیر صفحہ ۲۴۶ جلد ۲ المطبعة الحسينية۔ مصر)

"زوجیت کے مقاصد اس وقت تک پورے نہیں ہوسکتے جب تک کہ ان میں سے ہر ایک دوسرے کے حق کی رعایت نہ کرے، اور یہ مشترک حقوق بہت سے ہیں جن میں سے بعض کی طرف ہم اشارہ کرتے ہیں"۔

اس کے بعد انہوں نے تمام معاشرتی حقوق میں مساوات کا ذکر کیا ہے، اس کے بعد وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

﴿ ان الزوج قادر على تطليقها واذا طلقها فهو قادر على مراجعتها شاءت المرأة أم لم تشاء، أما المرأة فلا تقدر على تطليق الزوج وبعد الطلاق لاتقدر على مراجعة الزوج ولا تقدر ايضاً على أن تمنع الزوج من المراجعة ﴾

(تفسیر کبیر۔ صفحہ ۲۴۷ جلد ۲)

"شوہر عورت کو طلاق دینے پر قادر ہے اور طلاق دینے کے بعد رجوع بھی کرسکتا ہے، عورت چاہے یا نہ چاہے، لیکن عورت نہ شوہر کو طلاق دے سکتی ہے، نہ طلاق کے بعد شوہر سے رجوع کرسکتی ہے، اور نہ شوہر کو رجوع سے روک سکتی ہے"۔

(ج) امام ابو عبد اللہ القرطبی رحمۃ اللہ علیہ (مالکی) اپنی تفسیر میں اس جملے کی شرح

کرتے ہوئے علامہ ماوردی رحمۃ اللہ علیہ کا قول نقل کرتے ہیں :

﴿ له رفعُ العقد دونها ﴾

(القرطبی الجامع لأحکام القرآن صفحہ۱۲۵جلد۳ دارالکتب المصریۃ ۱۹۳۶ء)

"عقدِ نکاح کو ختم کرنے کا اختیار صرف مرد کو ہے عورت کو نہیں"۔

ظاہر ہے کہ ان دلائل کی موجودگی میں وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ سے قطع نظر کرکے صرف وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ کے الفاظ سے اس بات پر استدلال نہیں کیا جاسکتا کہ محض ناپسندیدگی کی بناء پر عورت شوہر کو بزورِ عدالت خلع پر مجبور کرسکتی ہے۔

## آیتِ خُلع

اس کے بعد جناب جسٹس ایس اے رحمان صاحب نے اس آیت کے بعض الفاظ سے استدلال فرمایا ہے جو خلع کے بارے میں نازل ہوئی ہے، پوری آیت یہ ہے :

﴿ الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ أَوْ تَسْرِيحٌ بِإِحْسَانٍ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا إِلَّا أَنْ يَخَافَا أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَعْتَدُوهَا وَمَنْ يَتَعَدَّ حُدُودَ اللَّهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ﴾ (البقرۃ-۲۲۹)

"طلاق دو مرتبہ (جائز) ہے، پھر خواہ رکھ لینا قاعدہ کے موافق خواہ چھوڑ دینا خوش عنوانی کے ساتھ، اور تمہارے لئے یہ



بات حلال نہیں کہ کچھ بھی لو اُس میں سے جو تم نے اُن کو دیا تھا مگر یہ کہ میاں بیوی دونوں کو احتمال ہو کہ اللہ تعالیٰ کے ضابطوں کو قائم نہ کرسکیں گے، سو اگر تم لوگوں کو یہ احتمال ہو کہ وہ دونوں ضوابطِ خداوندی قائم نہ کرسکیں گے تو دونوں پر کوئی گناہ نہ ہوگا اُس چیز میں جس کو دے کر عورت اپنی جان چھڑالے، یہ خدائی ضابطے ہیں، سو تم ان سے باہر مت نکلنا اور جو شخص خدائی ضابطوں سے باہر نکل جائے ایسے ہی لوگ اپنا نقصان کرنے والے ہیں۔

(ترجمہ ماخوذ از حضرت مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ)

جسٹس ایس اے رحمان صاحب نے اس بات پر متعدّد فقہاء اور مفسّرین کے اقوال پیش کئے ہیں کہ اس آیت کے الفاظ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ (سو اگر تم کو یہ احتمال ہو کہ وہ دونوں ضوابطِ خداوندی کو قائم نہ کرسکیں گے) میں خطاب حکّام اور اُولوالأمر کو ہے، اس سے وہ یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ اگر حکّام عدالت یہ سمجھتے ہوں کہ زوجین حدود اللہ کو قائم نہ رکھ سکیں گے تو وہ شوہر کی رضامندی کے بغیر خلع کے ذریعہ نکاح فسخ کرسکتے ہیں۔ اس سلسلے میں لعان، ایلاء، عِنّین (نامرد) اور مفقودالخبر کے فسخِ نکاح کو بطور نظیر پیش کرکے آخر میں وہ علّامہ ابن ہمام رحمۃ اللہ علیہ کی فتح القدیر، علّامہ ابوبکر جصّاص رحمۃ اللہ علیہ کی احکام القرآن اور صحیح بخاری کے حوالوں سے یہ فرماتے ہیں کہ :

"اگر عورت مرد سے ناقابلِ اصلاح نفرت (INCURABLE AVERSION) کرتی ہو تو یہ خلع کے لئے کافی وجہ جواز ہے"۔

(پی ایل ڈی (سپریم کورٹ) ۱۹۶۷ء صفحہ ۱۱۶ جلد ۱۹)

لیکن اگر اس بات کو تسلیم کرلیا جائے کہ اس آیت میں فَإِنْ خِفْتُمْ الخ

کا خِطاب حکّام کو ہے' جیسا کہ بہت سے علماء نے کہا ہے' تب بھی اس آیت سے استدلال کسی طرح صحیح نہیں۔ آیت میں تو صرف اتنا کہا گیا ہے کہ اگر حکام کو اس بات کا احتمال ہو کہ زوجین حدود اللہ کو قائم نہیں رکھ سکیں گے تو زوجین کے لئے خلع کر لینے میں کوئی گناہ نہیں۔ اس سے یہ بات کہاں نکلتی ہے کہ زوجین میں سے کسی کو خلع کرنے پر مجبور بھی کیا جا سکتا ہے۔ اگر آیت کا منشاء یہ ہوتا کہ حکّام ایسی صُورت میں زوجین یا زوجین میں سے کسی ایک کو خلع پر مجبور کرنے کا اختیار رکھتے ہیں جیسا کہ جسٹس صاحب کی تشریح سے معلوم ہوتا ہے' تو صاف یہ کہا جاتا کہ "اگر تم کو اس بات کا احتمال ہو کہ وہ دونوں حدود اللہ کو قائم نہیں رکھ سکیں گے تو تمہیں اختیار ہے کہ ان کے درمیان نکاح کو فسخ کردو" لیکن کہا یہ جارہا ہے کہ "ایسی صورت میں زوجین پر خلع کرنے میں کوئی گناہ نہیں" اس سے صاف یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر حکّام کے پاس زوجین کی ناچاقی کا کوئی معاملہ آئے اور وہ محسوس کریں کہ اب یہ لوگ حدود اللہ کی حفاظت نہیں کرسکیں گے تو وہ زوجین کو خلع کا مشورہ تو دے سکتے ہیں' لیکن خلع کا معاملہ زوجین اپنی رضامندی ہی سے کریں گے۔

اب رہا یہ سوال کہ جب "خلع" فریقین کی باہمی رضامندی پر موقوف ہے تو پھر فَإِنْ خِفْتُمْ الخ میں خطاب "اُولوالامر" (حکام) کو کیوں کیا گیا؟ سو اس کا جواب اس معاشرتی پس منظر کو پیشِ نظر رکھ کر بہ آسانی دیا جا سکتا ہے جس میں یہ آیت نازل ہو رہی ہے۔ اس زمانے میں "اولوالامر" کی حیثیت صرف ایک جج اور حاکم ہی کی نہیں تھی' بلکہ ایک مصلح' مُفتی اور مشیر کی بھی تھی' لوگ صرف ڈگری حاصل کرنے کے لئے نہیں بلکہ بہت سے معاملات میں محض شریعت کا حکم معلوم کرنے یا مشورہ طلب کرنے کے لئے بھی ان سے رجوع کرتے تھے۔ لہٰذا اس آیت میں یہ کہا گیا ہے کہ اگر تم سے اس جیسے معاملے میں رجوع کیا جائے تو تم انھیں خلع کا مشورہ دے سکتے ہو' نیز اپنی نگرانی میں خلع کا معاملہ کرا سکتے ہو۔



اولوالامر کو محض مخاطب کر لینے سے یہ نتیجہ نہیں نکالا جا سکتا کہ انھیں خلع کے معاملے میں وہ مکمل اختیارات حاصل ہوگئے ہیں جو زوجین کو حاصل ہیں' اس کی وضاحت کے لئے دو مثالوں پر غور فرمائیے :

(۱) فرض کیجئے کہ حکّام کے پاس ایک ایسا مقدّمہ آتا ہے جس میں زوجین میں سے کوئی خلع پر راضی نہیں (مرد اس لئے کہ وہ عورت کو جدا نہیں کرنا چاہتا' اور عورت اس لئے کہ وہ بلا معاوضہ طلاق چاہتی ہے) اور کوئی ایسی صورت بھی نہیں پائی جاتی (مثلاً شوہر کا جنون وغیرہ) جس کی موجودگی میں عدالت کو نکاح فسخ کرنے کا اختیار ہوتا ہے' البتہ حکّام یہ خوف رکھتے ہیں کہ نکاح کے قائم رہنے کی صورت میں یہ دونوں "حدود اللہ" کو قائم نہیں رکھ سکیں گے۔ عورت سے خلع کرنے کو پوچھا جاتا ہے لیکن وہ خلع پر راضی نہیں ہوتی تو کیا اس صورت میں محض اس وجہ سے کہ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ الخ میں حکّام کو مخاطب کیا گیا ہے' حکّام ان دونوں کے درمیان زبردستی خلع کے ذریعہ نکاح فسخ کر سکتے ہیں؟ ظاہر ہے کہ نہیں!

(۲) فرض کیجئے کہ ایک مقدّمے میں زیادتی چونکہ عورت کی طرف سے ہے' اس لئے شوہر مہر معاف کرائے بغیر طلاق دینے پر آمادہ نہیں ہوتا۔ دوسری طرف عورت خلع پر راضی نہیں' وہ یا تو طلاق ہی نہیں چاہتی' یا طلاق کے معاوضے میں مہر معاف کرنے پر راضی نہیں تو کیا ایسی صورت میں حکّام عورت کو خلع پر مجبور کر کے نکاح فسخ کر سکتے ہیں؟ ظاہر ہے کہ نہیں! اور کوئی بھی شخص محض فَإِنْ خِفْتُمْ کے خطاب سے یہ نتیجہ نہیں نکال سکتا کہ اس کے ذریعہ ان صورتوں میں حکّام کو زبردستی خلع کے ذریعہ نکاح فسخ کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔

## آیت کا سیاق

یہ بات کہ اس آیت میں حکّام کو خلع کرانے کا اختیار صرف اس صورت

میں دیا گیا ہے جبکہ شوہر اور بیوی دونوں اس پر راضی ہوں' آیت کے سیاق (CONTEXT) پر غور کرنے سے اور زیادہ واضح ہو جاتی ہے۔ خلع کے سلسلے میں آیت کے الفاظ یہ ہیں :

﴿ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا إِلَّا أَنْ يَخَافَا أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ ﴾

"اور تمہارے لئے حلال نہیں ہے کہ اُس مال میں سے کچھ لو جو تم نے اُن (عورتوں) کو دیا ہے' مگر یہ کہ میاں بیوی دونوں کو احتمال ہو کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ضابطوں کو قائم نہ کر سکیں گے' پھر پس اگر (اے حکام) تم کو یہ احتمال ہو کہ وہ اللہ کے ضابطوں کو قائم نہ کر سکیں گے تو ان دونوں پر کوئی گناہ نہ ہوگا جس کو بطور فدیہ دے کر عورت اپنی جان چھڑالے"۔

اس میں پہلا جملہ واضح طور پر اس بات کی نشان دہی کر رہا ہے کہ قرآن کریم کا یہ حکم اس صورت سے متعلق ہے جبکہ میاں بیوی دونوں کو احتمال ہو کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ضابطوں کو قائم نہ کر سکیں گے' اور اس وجہ سے دونوں خلع کرنا چاہتے ہوں' یا کم از کم اس پر راضی ہوں۔ پھر آگے فَإِنْ خِفْتُمْ کے جملے کے شروع میں فاء تعقیب (جس کا اردو ترجمہ "پس" ہے) صاف دلالت کر رہی ہے کہ حکّام کو یہ خطاب بھی اسی صورت سے متعلق ہے جس کا ذکر پہلے کیا گیا ہے یعنی إِلَّا أَنْ يَخَافَا أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ (مگر یہ کہ میاں بیوی دونوں کو احتمال ہو کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ضابطوں کو قائم نہ کر سکیں گے۔



پھر اس آیت میں آگے فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا (تو ان دونوں میاں بیوی پر کوئی گناہ نہیں) کے الفاظ بھی خاص طور سے قابلِ غور ہیں' معمولی غور و فکر سے یہ بات سمجھ میں آسکتی ہے کہ یہ الفاظ اپنے ضمن میں شوہر اور بیوی دونوں کی رضامندی کا واضح مفہوم رکھتے ہیں' اس کی تشریح کے لئے ہم ایک مثال پیش کرتے ہیں :

آپ اگر زید سے یہ کہیں کہ "تمہارے لئے طلاق دینے میں کوئی گناہ نہیں" تو اس جملے سے ہر شخص یہ سمجھنے میں حق بجانب ہوگا کہ زید اپنی بیوی کو طلاق دینا چاہتا تھا' یا کم از کم اس پر راضی تھا لیکن اسے یہ شک تھا کہ میرے لئے ایسا کرنا جائز ہے یا نہیں' آپ نے یہ کہہ کر اُس کے شک کو دور کیا ہے کہ "تمہارے لئے طلاق دینے میں کوئی گناہ نہیں"۔

اس کے برعکس آپ کے ان الفاظ سے کوئی بھی شخص جسے بات سمجھنے کا سلیقہ ہو' یہ نتیجہ نہیں نکال سکتا کہ زید طلاق دینے پر راضی نہیں تھا' اور آپ اس جملے کے ذریعہ اسے طلاق پر مجبور کرنا چاہتے ہیں' اس لئے کہ اگر زید طلاق دینے پر سرے سے راضی ہی نہ ہو' بلکہ اس سے انکار کر رہا ہو تو آپ اسے مجبور کرنے کے لئے یہ تو کہہ سکتے ہیں کہ "تمہیں طلاق دینی پڑے گی" یا "تمہیں بزورِ قانون علیحدگی پر مجبور کیا جائے گا" لیکن اس صورت میں یہ کہنا بالکل مہمل اور بے معنی بات ہوگی کہ "تمہارے لئے طلاق دینے میں کوئی گناہ نہیں" یہاں بھی قرآن کریم نے فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا (ان دونوں میاں بیوی پر کوئی گناہ نہیں) کے الفاظ استعمال کئے ہیں' جس کا واضح مطلب ہی یہ ہے کہ قرآن کریم صرف اس صورت کو بیان کر رہا ہے جس میں شوہر اور بیوی دونوں خلع پر راضی ہیں۔ ورنہ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا کے الفاظ بالکل بے معنی ہو جاتے ہیں۔

واقعہ یہ ہے کہ زوجین کے خلع پر راضی ہو جانے کے بعد ان میں سے ہر

ایک کو یہ شبہ ہو سکتا تھا کہ میرے لئے یہ معاملہ جائز ہے یا نہیں، عورت کو یہ شبہ ہو سکتا تھا کہ پیسے دیکر طلاق حاصل کرنا شاید جائز نہ ہو، اور مرد کو یہ شک گذر سکتا تھا کہ طلاق پر پیسے وصول کرنا گناہ نہ ہو، اللہ تعالیٰ نے فَلَاجُنَاحَ عَلَيْهِمَا (دونوں پر کوئی گناہ نہیں) کے الفاظ سے دونوں کا شبہ دور فرمادیا۔

بلکہ ان الفاظ میں شوہر کی رضامندی کا مفہوم اور زیادہ واضح ہے، اس لئے کہ معاملۂ خلع کے گناہ ہونے کا زیادہ شبہ مرد ہی کو ہو سکتا ہے، کیونکہ وہ پیسے وصول کرنے والا ہے، بخلاف عورت کے کہ وہ پیسے ادا کرتی ہے۔

اس کے علاوہ اسی آیت میں آگے فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ کے الفاظ بھی قابل غور ہیں۔ اس میں بدلِ خلع کو "فدیہ" اور عورت کی ادائیگی کو "افتداء" کہا گیا ہے، اور بقول علّامہ ابن قیّم رحمۃ اللہ علیہ یہ خود اس بات کی واضح دلیل ہے کہ "خلع" ایک عقدِ معاوضہ ہے جس میں فریقین کی باہمی رضامندی ضروری ہے۔ اس لئے کہ "فدیہ" عربی زبان میں اس مال کو کہا جاتا ہے جو جنگی قیدیوں کو چھڑانے کے لئے پیش کیا جاتا ہے، اس مال کو پیش کرنا "افتداء" اور قبول کرنا "فداء" کہلاتا ہے۔ (امام راغب اصفہانی : المفردات فی غریب القرآن صفحہ اصح المطابع کراچی۔ وابن اثیر الجزری "النہایۃ فی غریب الحدیث والاثر صفحہ ۲۰۴ المطبعۃ الخیریۃ۔ ابوالفتح مطرزی" : المغرب صفحہ ۸۸ جلد ۲ دکن ۱۳۲۸ھ)

یہ معاملہ بہ اتفاق عقدِ معاوضہ ہوتا ہے جس میں فریقین کی رضامندی لازمی شرط ہے، اور کوئی فریق دوسرے کو اس پر مجبور نہیں کرسکتا۔ چنانچہ علامہ ابنِ قیم رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں :

﴿وفی تسمیتہ صلی اللہ علیہ وسلم الخلع فدیۃ دلیل علی أن فیہ معنی المعاوضۃ ولھذا اعتبر فیہ رضا الزّوجین﴾

(ابن القیمؒ زادالمعاد صفحہ ۲۳۸ جلد ۲ المطبعۃ المیمنیۃ مصر ۱۳۲۴ھ)



"اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو خلع کا نام فدیہ رکھا، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس میں معاوضہ کے معنی پائے جاتے ہیں، اور اسی لئے اس میں زوجین کی رضامندی کو لازمی شرط قرار دیا گیا ہے"۔

اس تفصیل سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ آیتِ خُلع میں تین جملے ایسے ہیں جو واضح طور پر شوہر اور بیوی دونوں کی رضامندی کا مفہوم رکھتے ہیں :

(۱) إِلَّآ أَنْ يَّخَافَآ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللّٰهِ

(مگر یہ کہ ان دونوں میاں بیوی کو یہ احتمال ہو کہ وہ دونوں اللہ کی حدود کو قائم نہ رکھیں گے)۔

(۲) فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ

(اس مال میں جو عورت بطور فدیہ دے)۔

(۳) فَلَاجُنَاحَ عَلَيْهِمَا

(تو ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں)

ان تینوں جملوں کے بیچ میں فَإِنْ خِفْتُمْ (اگر تم کو خوف ہو) کے الفاظ آئے ہیں، اس سے اس کے سوا اور کیا نتیجہ نکلتا ہے کہ اگر یہ فَإِنْ خِفْتُمْ (اگر تم کو خوف ہو) کا خطاب حکّام ہی کو ہے تب بھی یہ اس صورت میں ہے جبکہ شوہر اور بیوی دونوں خلع پر راضی ہوں

لہٰذا جس طرح اس سے اس بات پر استدلال درست نہیں ہے کہ میاں بیوی دونوں یا صرف بیوی کی رضامندی کے بغیر حاکم بذریعہ خُلع نکاح فسخ کرسکتا ہے، اسی طرح اس بات پر بھی استدلال کرنا کسی طرح درست نہیں کہ حاکم کو شوہر کی رضامندی کے بغیر خلع کے ذریعہ نکاح فسخ کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

یہ ساری گفتگو یہ بات تسلیم کرنے کے بعد کی گئی ہے کہ فَإِنْ خِفْتُمْ میں خطاب حکّام کو ہے، اور اس میں شک نہیں کہ علماء کی ایک بڑی جماعت کا قول یہی ہے، لیکن اگر اُن حضراتِ مفسّرین کا قول اختیار کیا جائے جو اس کا مخاطب شوہر اور بیوی کو قرار دیتے ہیں تو بات بالکل ہی صاف ہوجاتی ہے۔ اس تفسیر کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ اس آیت کا پہلا جملہ یعنی وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ الخ میں باتفاق خطاب شوہروں کو ہے۔ اس لئے اس کی مناسبت کا تقاضا یہ ہے کہ فَإِنْ خِفْتُمْ کا خطاب بھی انہی کو ہو، چنانچہ حکیم الامّت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس آیت کی تفسیر اس طرح فرمائی ہے :

"اور تمہارے لئے یہ بات حلال نہیں کہ (بیبیوں کو چھوڑتے وقت ان سے) کچھ بھی لو (گو وہ لیا ہوا) اس (مال) میں سے (کیوں نہ ہو) جو تم (ہی) نے اُن کو (مہر میں) دیا تھا مگر (ایک صورت میں البتّہ حلال ہے وہ) یہ کہ (کوئی) میاں بی بی (ایسے ہوں کہ) دونوں کو احتمال ہو کہ اللہ تعالیٰ کے ضابطوں کو (جو دربارۂ ادائے حقوقِ زوجیت ہیں) قائم نہ کرسکیں گے، سو اگر تم لوگوں کو (یعنی میاں بی بی کو) یہ احتمال ہو کہ وہ دونوں ضوابطِ خداوندی کو قائم نہ کرسکیں گے تو دونوں پر کوئی گناہ نہ ہوگا اس (مال کے لینے دینے) میں جس کو دیکر عورت اپنی جان چھڑالے"۔

(حضرت تھانویؒ : بیان القرآن صفحہ ۷۵ جلد ا تاج کمپنی کراچی)

یہ تفسیر بالکل بے غبار بھی ہے، اور اگر اس تفسیر کو اختیار کیا جائے تو پھر اس آیت میں حکّام کا کوئی ذکر ہی نہیں رہتا۔

اس مسئلے میں جسٹس ایس اے رحمان صاحب نے عِنّین اور مفقود الخبر کی



جو نظیریں پیش کی ہیں، ظاہر ہے کہ وہ بالکل غیر متعلق (IRRELEVONT) ہیں، کیونکہ زیرِ بحث مسئلہ صرف اس صورت میں ہے جبکہ فسخِ نکاح کی معروف صورتوں میں سے کوئی صورت نہ پائی جارہی ہو، بلکہ عورت محض ناپسندیدگی اور نفرت کی بناء پر علیحدگی چاہتی ہو۔ ظاہر ہے کہ اگر اس کو عِنّین (نامرد) مجنون، مُتعنّت (نان ونفقہ نہ دینے والا) اور مفقود الخبر (لاپتہ شخص) کی بیوی پر قیاس کیا جائے تو اس کا تقاضا تو یہ ہے کہ اس کا نکاح بلا معاوضہ فسخ کردیا جائے۔ حالانکہ جسٹس صاحب بھی خود اس کو درست نہیں سمجھتے۔

رہ گئے فتح القدیر، احکام القرآن، صحیح بخاری اور المسوّیٰ کے وہ حوالے جو جسٹس صاحب نے پیش کئے ہیں، سو وہ بھی بالکل غیر متعلق ہیں، اس لئے کہ ان سب حوالوں میں یہ بات بیان کی گئی ہے کہ حدود اللہ کو قائم نہ کرنے کا کیا مطلب ہے؟ اور یہ بتایا گیا ہے کہ وہ کون سے حالات ہیں جن میں زوجین کے لئے خُلع کرنا جائز ہوجاتا ہے؟ رہا یہ معاملہ کہ ان حالات میں حکّام زوجین کو یا ان میں سے کسی ایک کو خلع پر مجبور کرسکتے ہیں یا نہیں؟ اس کے بارے میں انہی حضرات فقہاء کی واضح تصریحات یہ ہیں کہ جب تک شوہر اور بیوی دونوں راضی نہ ہوں، خلع کا معاملہ صحیح نہیں ہوتا۔ فقہاء کی یہ تصریحات ہم آگے پیش کریں گے۔

## خُلع فسخ ہے یا طلاق؟

آگے جسٹس ایس اے رحمان صاحب نے یہ بحث چھیڑدی ہے کہ "خُلع" فسخِ نکاح (DISSOLUTION OF MARRIAGE) ہے یا طلاق (DIVORCE)؟ اس معاملے میں فقہاء کا اختلاف نقل کرنے کے بعد وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، امام احمد رحمۃ اللہ علیہ، امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور داؤد ظاہری رحمۃ اللہ علیہ کے مسلک کو ترجیح دیتے ہیں جس کی رُو سے خُلع طلاق نہیں، بلکہ فسخ ہے، اور اس کی بعد تحریر فرماتے ہیں :

"اگر اس رائے کو قبول کرلیا جائے (کہ خُلع فسخ ہے طلاق نہیں ہے) تو یہ بات صاف ہو جاتی ہے کہ خلع تنہا شوہر کی مرضی پر موقوف نہیں ہے"۔ (پی ایل ڈی (سپریم کورٹ) ۱۹۶۷ء صفحہ ۱۱۶)

لیکن جسٹس صاحب کے اس ارشاد سے بھی اتفاق ممکن نہیں۔ بحث کے تعارف میں ہم یہ بیان کرچکے ہیں کہ خلع کے طلاق یا فسخ ہونے کا کیا مطلب ہے؟ اور عملی طور پر فقہاء کے اس اختلاف کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟ تفسیر' حدیث اور فقہ کی جس کتاب میں بھی یہ مسئلہ بیان کیا گیا ہے' وہاں اس کا مطلب یہی بیان کیا گیا ہے کہ اگر خلع کو فسخ قرار دیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ خلع کو طلاق شمار نہیں کیا جائے گا' اور اگر میاں بیوی باہمی رضا مندی سے دوبارہ نکاح کرلیں تو شوہر کو بدستور تین طلاق کا اختیار ملے گا؟ لیکن اس سے یہ نتیجہ کسی نے نہیں نکالا کہ چونکہ یہ فسخ ہے اس لئے اس میں شوہر کی رضا مندی ضروری نہیں ہے۔

ہم یہاں اس بحث کو نظرانداز کرتے ہیں کہ فقہاء کے اس اختلاف میں قابلِ ترجیح مسلک کون سا ہے؟ ہم تھوڑی دیر کے لئے یہی فرض کرلیتے ہیں کہ اس معاملے میں جسٹس صاحب کے ارشاد کے مطابق امام احمدؒ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مسلک ہی قابل ترجیح ہے جس کی رُو سے خلع طلاق نہیں' فسخ ہے' لیکن اس سے یہ بات کیسے ثابت ہوگئی کہ یہ فسخ نکاح شوہر کی مرضی کے خلاف بھی عمل میں آسکتا ہے؟ خود جسٹس صاحب نے نقل فرمایا ہے کہ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ خلع کو فسخ نکاح قرار دیتے ہیں' لیکن ان کے مذہب کی کتابیں اٹھا کر دیکھئے' وہ بھی جمہور امّت کی طرح خُلع کو فسخِ نکاح قرار دینے کے باوجود فریقین کی مرضی کو اس کے لئے لازمی شرط سمجھتے ہیں' چنانچہ علامہ ابنِ قدامہ رحمۃ اللہ علیہ جو امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب کے مستند ترین راوی ہیں' تحریر فرماتے ہیں :

﴿ولا یفتقر الخلع إلیٰ حاکم نصّ علیہ أحمد فقال یجوز الخلع



دون السلطان وروی البخاری ذلك عن عمرو عثمان رضی اللہ عنهما وبه قال شریحؒ والزهریؒ ومالكؒ والشافعیؒ واسحاقؒ وأهل الرأی وعن الحسنؒ وابن سیرینؒ لا یجوز ألاّ عندالسلطان، ولنا قول عمرؓ وعثمانؓ ولأ نه معاوضة فلم یفتقرالی السلطان کالبیع والنکاح ولأنه عقد بالتراضی أشبه الإقالة﴾

(ابن قدامہؒ: المغنی صفحہ ۵۲ جلد ۷ دار المنار ۱۳۶۷ھ)

"خلع کے لئے حاکم کی ضرورت نہیں' امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تصریح کی ہے' چنانچہ کہا ہے کہ خلع بغیر سلطان کے جائز ہے' اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے یہی مذہب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نقل کیا ہے' اور امام شریح رحمۃ اللہ علیہ' امام زہری رحمۃ اللہ علیہ' امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ' امام اسحٰقؒ رحمۃ اللہ علیہ اور اہل رائے کا بھی یہی قول ہے۔ اور حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ' اور ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے ایک روایت یہ ہے کہ خلع صرف حاکم کے پاس ہو سکتا ہے۔ اور ہماری دلیل حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے' نیز یہ کہ خلع ایک عقدِ معاوضہ ہے لہٰذا اس میں سلطان کی ضرورت نہیں' جیسے بیع اور نکاح۔ علاوہ ازیں خلع باہمی رضامندی سے عقدِ نکاح کو ختم کرنے کا نام ہے' لہٰذا وہ اقالہ کے مشابہ ہے"۔

علامہ ابن قدامہؒ نے مذکورہ بالا عبارت میں امام احمدؒ کا صاف مذہب

یہ نقل کیا ہے کہ خلع باہمی رضامندی سے ہوتا ہے اور اقالہ کی مثال دیکر یہ بھی واضح کردیا ہے کہ جس طرح اقالہ (فسخِ بیع) (Cancellation of the sale transaction) فریقین کے حق میں فسخِ معاملہ ہوتا ہے لیکن اس میں باہمی رضامندی ضروری ہے اور کوئی فریق دوسرے کو اس پر مجبور نہیں کرسکتا۔ اسی طرح خلع بھی فسخِ نکاح ہے لیکن اس میں بھی باہمی رضامندی ضروری ہے اور کوئی فریق دوسرے کو اس پر مجبور نہیں کرسکتا۔

جسٹس صاحب کی نقل کے مطابق امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے علاوہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بھی خلع کو فسخِ نکاح مانتے ہیں، طلاق نہیں کہتے، لیکن یہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا قدیم قول ہے اور آخری قول یہی ہے کہ خلع طلاق ہے۔

(ابن رشدؒ : بدایۃ المجتہد، صفحہ ۶۹ جلد ۲ و تفسیر ابن کثیرؒ صفحہ ۲۷۵ جلد ۱ المکتبۃ التجاریۃ الکبریٰ ۱۳۵۶ھ و کتاب الام صفحہ ۱۹۸ جلد ۵)

اور جہاں تک فریقین کی رضامندی کا سوال ہے اس کو وہ بھی دوسرے تمام فقہاء کی طرح خلع کے لئے لازمی شرط قرار دیتے ہیں، چنانچہ وہ کتاب الام کے باب الخلع والنشوز میں پوری صراحت کے ساتھ لکھتے ہیں :

﴿وإن قال لا افارقها ولا أعدل لها أجبر على القسم لها ولا يجبر على فراقها﴾

(الامام الشافعیؒ: کتاب الام صفحہ ۱۸۹ جلد ۵، مکتبۃ الکلیات الازہریۃ ۱۳۸۱ھ، باب الخلع والنشوز)

"اور اگر شوہر کہے کہ نہ میں بیوی کو علیحدہ کروں گا اور نہ اس کے ساتھ انصاف کروں گا تو اُسے انصاف پر مجبور کیا جائے گا، لیکن علیحدگی پر مجبور نہیں کیا جاسکتا"۔

اور ایک دوسری جگہ تحریر فرماتے ہیں :



﴿وليس له أن يأمرهما يفرقان إن رأيا إلا بأمر الزوج ولا يعطيا من مال المرأة الا باذنها﴾ (ایضاً کتاب الام صفحہ ۱۹۴ جلد ۵)

"اور حاکم کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ حکمین کو شوہر کے حکم کے بغیر تفریق کرنے کا حکم دے اور یہ بھی اختیار نہیں کہ عورت کا مال اس کی اجازت کے بغیر شوہر کو دے"۔

اور آگے ایک مقام پر لکھتے ہیں :

﴿وانما جعلنا ها تطليقة لأن الله تعالى يقول الطلاق مرتان فعقلنا من الله تعالى أن ذلك إنما يقع بإيقاع الزوج وعلمنا أن الخلع لم يقع إلا بايقاع الزوج﴾ (کتاب الام: صفحہ ۱۹۸ جلد ۵)

"اور ہم نے معاملۂ خلع کو طلاق اس لئے قرار دیا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے الطلاق مرتان تو ہم نے اللہ کے کلام سے یہ بات سمجھی ہے کہ طلاق صرف شوہر کے واقع کرنے سے واقع ہوتی ہے، اور یہ بھی معلوم ہے کہ خلع شوہر کے واقع کئے بغیر واقع نہیں ہوتا"۔

اور اس کے دو صفحوں کے بعد تو اس مسئلے کو بالکل ہی کھول کر بیان کردیا ہے، فرماتے ہیں :

﴿وكذلك سيد العبد إن خالع عن عبده بغير إذنه لان الخلع طلاق فلا يكون لأحد أن يطلق عن أحد، لاأب ولا سيد ولا ولى ولا سلطان إنما يطلق المرء عن نفسه أو يطلق عليه السلطان بما لزمه من نفسه إذا امتنع هو أن يطلق وكان ممن له طلاق وليس الخلع من هذا المعنى بسبيل﴾ (ایضاً صفحہ ۲۰۰ جلد ۵)

"اسی طرح غلام کا آقا اگر اپنے غلام کی طرف سے بغیر غلام کی اجازت کے خلع کرلے (تو صحیح نہ ہوگا) اس لئے کہ خلع طلاق ہے۔ لہٰذا کسی کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ کسی دوسرے کی طرف سے طلاق دے، نہ باپ کو یہ حق ہے، نہ آقا کو، نہ ولی کو، اور نہ سلطان (حاکم) کو۔ طلاق تو انسان اپنی طرف سے خود دیتا ہے، یا جب وہ طلاق سے باوجود اہل طلاق ہونے کے باز رہے اور اسی کی طرف سے سلطان کو طلاق دینا لازم ہوجائے تو سلطان طلاق دے دیتا ہے، لیکن خُلع میں یہ صورت بالکل نہیں پائی جاسکتی"۔

اس میں آخری جملوں نے تو یہ بات بالکل واضح کردی ہے کہ خلع کے معاملہ میں شوہر کی رضامندی طلاق سے بھی زیادہ ضروری ہے، کیونکہ طلاق تو کبھی خاص حالات میں حاکم بھی شوہر کی طرف سے دے سکتا ہے، لیکن خلع میں یہ بات کبھی نہیں پائی جاسکتی۔

مندرجہ بالا اقتباسات سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ جن حضراتِ فقہاءؒ نے خلع کو طلاق کے بجائے فسخِ نکاح کہا ہے، وہ بھی اس بات کے قائل ہیں کہ یہ فسخِ نکاح اقالہ کی طرح فریقین کی رضامندی کے بغیر نہیں ہوسکتا۔

آگے جسٹس صاحب فرماتے ہیں :

"اور اگر خلع کو طلاق ہی قرار دیا جائے جیسا کہ بعض قدماء حنفیہ (ORTHODOX HANAFI JURSTS) کا خیال معلوم ہوتا ہے، تب بھی یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا عورت کو خاص حالات میں یہ حق نہیں ہے کہ وہ شوہر سے اس کی مخالفت کے باوجود طلاقِ خلع حاصل کرے؟ اس مسئلے کی



کوئی تصریح ان حنفی فقہاء کے یہاں نہیں ملتی"۔

(پی ایل ڈی (سپریم کورٹ) ۱۹۶۷ء صفحہ ۱۱۶)۔

یہاں پہلی بات تو یہ ہے کہ خلع کو طلاق قرار دینا صرف "بعض قدماء حنفیہ" ہی کا خیال نہیں، بلکہ یہ تمام حنفیہ کا متفقہ مسئلہ ہے، اور صرف حنفیہ ہی نہیں، فقہاء کی اکثریت خلع کو طلاق قرار دیتی ہے، علامہ ابنِ رُشد رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں :

﴿ وأمانوع الخلع فالجمهور على أنه طلاق ﴾

"جہاں تک خلع کی نوعیت کا تعلق ہے جمہور (اکثر فقہاء) کے نزدیک وہ طلاق ہی ہے" (ابن رشدؒ : بدایۃ المجتہد صفحہ ۶۹ جلد ۲ مصطفیٰ البابی ۱۳۷۹ھ، مزید دیکھئے تفسیر ابن کثیرؒ صفحہ ۲۷۵، جلد ۱)۔

دوسری بات یہ ہے کہ جسٹس صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ حنفی فقہاء کے یہاں ایسی کوئی تصریح نہیں ملتی کہ عورت شوہر کے راضی نہ ہونے کی صورت میں "طلاقِ خُلع" حاصل نہیں کرسکتی، لیکن ہم یہاں حنفی فقہاء کی چند تصریحات پیش کرتے ہیں جن سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ خلع شوہر کی رضامندی پر موقوف ہے، علامہ ابوبکر جصّاص رحمۃ اللہ علیہ قدماء حنفیہ کے مستند ترین فقہاء میں سے ہیں، اور جسٹس صاحب نے بھی ان کی کتاب "احکام القرآن" سے مختلف معاملات میں حوالے نقل کئے ہیں۔ یہاں ہم پہلے انہی کی عبارت نقل کرتے ہیں۔ وہ حضرت جمیلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے واقعہ پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں، (یہ واقعہ تفصیل کے ساتھ آگے آئے گا)

﴿ لوكان الخلع إلى السلطان شاء الزوجان أوأبيا إذا علم أنهما لايقيمان حدود الله لم يسئلهما النبي صلى الله عليه وسلم عن ذلك ولاخاطب الزوج بقوله اخلعها بل كان يخلعها منه ويرد عليه حديقته وإن أبيا أوواحد منهما ﴾

(الجصاص: احکام القرآن صفحہ ۴۶۸ جلد ۱ المطبعۃ البہیۃ ۱۳۴۷ھ)

"اگر خلع کا یہ اختیار حاکم کو ہوتا کہ وہ جب دیکھے کہ زوجین حدود اللہ کو قائم نہیں کریں گے (تو خود نکاح فسخ کردے) خواہ زوجین چاہیں یا نہ چاہیں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جمیلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے شوہر سے اس معاملے میں کچھ نہ پوچھتے اور نہ شوہر سے یہ کہتے کہ تم ان سے خلع کرلو' بلکہ خود خلع کرکے شوہر کا باغ ان کو لوٹا دیتے' چاہے وہ دونوں انکار کرتے یا ان میں سے کوئی ایک انکار کرتا"۔

اس عبارت میں علامہ ابوبکر جصّاص رحمۃ اللہ علیہ نے صاف تصریح فرمادی ہے کہ اگر حاکم یہ دیکھے کہ زوجین حدود اللہ کو قائم نہیں کرسکیں گے تب بھی وہ شوہر اور بیوی دونوں کی رضامندی کے بغیر خلع نہیں کرسکتا' اگر ان دونوں میں سے ایک بھی خلع سے انکار کردے تو حاکم کو خلع کا اختیار نہیں۔ فقہاء کا اصول یہ ہوتا ہے کہ جو بات اُن کے یہاں مختلف فیہ اور معروف ومشہور ہو' اسے تفصیل کے ساتھ بیان کرنے کے بجائے کسی ایک جگہ اصولی طور پر بیان کردیتے ہیں' یہی وجہ ہے کہ اگر کوئی شخص فقہاء کی عبارتوں میں یہ مسئلہ تلاش کرنا چاہے کہ "طلاق کا اختیار صرف مرد کو ہے' عورت کو نہیں" تو ان الفاظ کے ساتھ اسے فقہاء کی تصریحات بہت کم ملیں گی' اس لئے کہ یہ بات اتنی طے شدہ ہے کہ اس کے بیان کرنے کی ضرورت ہی نہیں۔ بالکل یہی معاملہ خلع کے ساتھ بھی ہے۔ یہ مسئلہ کہ "خلع کے لئے زوجین میں سے ہر ایک کی رضامندی ضروری ہے" فقہاء کے یہاں اتنا معروف ومشہور' اور متفق علیہ اور مسلّم ہے کہ وہ اسے مستقل طور پر بہت کم ذکر کرتے ہیں' البتہ خلع کی تعریف' تعارف اور اس کے ارکان وشرائط بیان کرتے ہوئے اسے اصولی طور پر ذکر کرتے ہیں یا کسی اور مسئلے کی دلیل میں بطور ایک مسئلہ



حقیقت کے۔ چنانچہ فتاویٰ عالمگیریہ میں جو حنفی فقہ کی مسلّم الثبوت کتاب ہے' صراحت کے ساتھ لکھا ہے :

﴿ وشرطه شرط الطلاق ﴾ (عالمگیریۃ: صفحہ ۵۱۵ جلد ۱)

"خلع کی تمام شرائط وہی ہیں جو طلاق کی ہیں"۔

اور علّامہ علاء الدین حصکفی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں :

﴿ وشرطه كالطلاق ﴾ (ابن عابدین: صفحہ ۶۰۶ جلد ۲)

"خلع کی شرائط طلاق جیسی ہیں"۔

اور شمس الائمہ سرخسی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں :

﴿ والخلع جائز عند السلطان وغيره، لأ نه عقد يعتمد التراضي كسائر العقود وهو بمنزلة الطلاق بعوض وللزوج ولاية ايقاع الطلاق ولها ولاية التزام العوض ﴾

(السرخسیؒ: المبسوط صفحہ ۱۷۳ جلد ۶ مطبعۃ السعادۃ مصر ۱۳۲۴ھ)

"اور خلع حاکم کے پاس بھی جائز ہے اور حاکم کے بغیر بھی' اس لئے کہ یہ ایک ایسا معاملہ (TRANSACTION) ہے جس کی ساری بنیاد باہمی رضامندی پر ہے' اور یہ معاوضہ لے کر طلاق دینے کے حکم میں ہے' شوہر کو طلاق دینے کا حق حاصل ہے اور عورت کو معاوضہ اپنے اوپر لازم قرار دینے کا"۔

اس کے علاوہ فقہاء دوسرے معاملات کی طرح خلع کا رُکن بھی ایجاب (OFFER) اور قبول (ACCEPT BNCE) کو قرار دیتے ہیں' مثلاً ملک العلماء کاسانی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں :

﴿وأما ركنه فهو الايجاب والقبول لأنه عقد على الطلاق بعوض فلا تقع الفرقة ولا يستحق العوض بدون القبول﴾

(الکاسانیؒ: بدائع الصنائع صفحہ ۱۴۵ جلد ۳ مطبعۃ الجمالیۃ مصر ۱۳۲۸ء)

"رہا خلع کا رُکن تو وہ ایجاب اور قبول ہے' اس لئے کہ یہ معاوضہ کے ساتھ طلاق کا معاملہ ہے' لہٰذا بغیر قبول کے علیحدگی واقع نہیں ہوگی"۔

واضح رہے کہ فقہاء کی اصطلاح میں کسی عمل کا رُکن وہ چیز ہوتی ہے جس کے بغیر اس عمل کا شرعی وجود (LEGAL ENTITY) ہی نہیں ہوتا۔ مثلاً سجدہ نماز کا رکن ہے' اس لئے سجدہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی' اسی طرح ایجاب وقبول خلع میں بھی رکن ہیں جس کے بغیر خلع نہیں ہو سکتا۔

مذکورہ بالا اقتباسات سے یہ بات پوری طرح واضح ہوجاتی ہے کہ جو فقہاء اسے طلاق قرار دیتے ہیں وہ بھی اور جو حضرات اسے فسخ کہتے ہیں وہ بھی دونوں اس بات پر متفق ہیں کہ خلع باہمی رضامندی کا معاملہ ہے' جس میں شوہر اور بیوی دونوں کی رضامندی ضروری ہے' اور کوئی فریق دوسرے کو اس پر مجبور نہیں کر سکتا۔ لہٰذا خلع کے طلاق یا فسخ ہونے سے مسئلہ زیرِ بحث پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

آگے جسٹس ایس اے رحمان صاحب نے یہ دکھانے کی کوشش کی ہے کہ خلع میں شوہر کی رضامندی کا مسئلہ مختلف فیہ ہے۔

(پی ایل ڈی (سپریم کورٹ) ۱۹۶۷ء صفحہ ۱۱۷ سطر ۱۱)

بعض لوگ شوہر کی رضامندی کو ضروری سمجھتے ہیں اور بعض حضرات اسے ضروری قرار نہیں دیتے۔ لیکن عجیب بات ہے کہ جسٹس صاحب اپنے اس دعوے کی تائید میں فقہاء کے جو اقوال پیش کرتے ہیں وہ بالکل دوسرے مسئلے سے متعلق ہیں' اور ان کا شوہر کی رضامندی سے کوئی تعلق نہیں۔



اس سلسلے میں جسٹس صاحب نے علامہ شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کی جو عبارت پیش کی ہے وہ یہ ہے :

﴿اتفق الائمة على ان المراة اذا كرهت زوجها لقبح منظر أو سوء عشرة جاز لها أن تخالعه على عوض وان لم يكن من ذلك شيئ وتراضيا على الخلع من غير سبب جاز ولم يكره خلافاً للزهري وعطاء وداؤد في قولهم ان الخلع لا يصح في هذه الحالة لأنه عبث والعبث غير مشروع﴾

(الشعرانیؒ: المیزان الکبریٰ صفحہ ۱۱۹ جلد ۲ داراحیاء الکتب المصریۃ)

"تمام أئمہ کا اس پر اتفاق ہے کہ اگر عورت اپنے شوہر کو بدصورتی یا سوءِ معاشرت کی بناء پر ناپسند کرتی ہو تو اس کے لئے جائز ہے کہ وہ شوہر سے معاوضہ پر خُلع کا معاملہ کر لے اور اگر ناپسندیدگی کی کوئی وجہ نہ ہو اور میاں بیوی خُلع پر بلاوجہ راضی ہو جائیں تب بھی جائز ہے اور مکروہ نہیں' البتہ اس میں امام زہری رحمۃ اللہ علیہ' امام عطاء رحمۃ اللہ علیہ' اور امام داؤد رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف ہے' وہ کہتے ہیں کہ اس حالت میں خلع صحیح نہیں' اس لئے کہ وہ عبث ہے اور عبث غیر مشروع ہے"۔

اس عبارت ہی سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ اختلاف شوہر کی رضامندی کے مسئلے میں نہیں' بلکہ اس مسئلے میں ہے کہ فریقین کی رضامندی کے بعد بھی خلع ہر حال میں جائز ہے یا صرف اس صورت میں جائز ہے جبکہ بیوی اپنے شوہر کو ناپسند کرنے کی معقول وجہ رکھتی ہو۔ اکثر فقہاء نے پہلی رائے کو اختیار کیا ہے' اور امام زہری رحمۃ اللہ علیہ' امام عطاء رحمۃ اللہ علیہ' اور امام داؤد ظاہری

رحمۃ اللہ علیہ نے دوسری رائے کو، لیکن جہاں تک خلع میں فریقین کی رضامندی کا تعلق ہے، اس کو دونوں فریق ضروری قرار دیتے ہیں جیسے کہ جاز لها أن تخالعه علی عوض اور وتراضیا علی الخلع کے الفاظ اس پر شاہد ہیں۔ خدا جانے اس عبارت کے کون سے لفظ سے جسٹس صاحب نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ کسی فریق کے نزدیک شوہر کی رضامندی کے بغیر بھی خلع ہو سکتا ہے؟

اس کے بعد جسٹس صاحب نے عمدۃ القاری کے حوالہ سے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ، امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ اور امام اسحٰق رحمۃ اللہ علیہ کا یہ مسلک نقل کیا ہے کہ ان کے نزدیک زوجین کے درمیان مصالحت کرانے کے لئے جو حَکَم بھیجے جاتے ہیں ان کو تفریق کا بھی اختیار ہوتا ہے، اور اگر وہ مناسب سمجھیں تو شوہر کی اجازت کے بغیر بھی تفریق کرا سکتے ہیں۔

اس میں شک نہیں کہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے "حَکَمین" کو یہ اختیار دیا ہے، لیکن امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ، امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اور دوسرے تمام فقہاء رحمہم اللہ کا مسلک یہی ہے کہ جب تک شوہر حَکَمین کو اپنا وکیلِ مختار نہ بنائے، اس وقت تک ان کو شوہر کی مرضی کے بغیر تفریق کا اختیار حاصل نہیں ہے، ان حضرات کا استدلال یہ ہے کہ قرآن کریم میں حَکَم بھیجنے کا ذکر مندرجہ ذیل آیت میں کیا گیا ہے:

﴿وَإِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوا حَكَمًا مِنْ أَهْلِهِ وَحَكَمًا مِنْ أَهْلِهَا إِنْ يُرِيدَا إِصْلَاحًا يُوَفِّقِ اللَّهُ بَيْنَهُمَا﴾

"اور اگر تمہیں میاں بیوی کے درمیان پھوٹ پڑ جانے کا اندیشہ ہو تو تم ایک حَکَم مرد کی طرف سے اور ایک حَکَم عورت کی طرف سے بھیجو، اگر وہ دونوں اصلاح کا ارادہ کریں گے تو اللہ تعالیٰ زوجین کے اندر موافقت پیدا فرما دے گا"۔



اس آیت کا آخری جملہ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ یہ حَکَم زوجین کے درمیان تفریق اور علیحدگی کے لئے نہیں، بلکہ دونوں میں موافقت پیدا کرنے اور پھوٹ سے بچانے کے لئے بھیجے جا رہے ہیں۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب الام میں اس مسئلے پر تفصیل کے ساتھ گفتگو فرمائی ہے، وہ تحریر فرماتے ہیں:

﴿ولیس له أن یأمرهما یفرقان إن رأیا إلا بأمر الزوج ولا یعطیا من مال المرأة إلا بإذنها (قال) فإن اصطلح الزوجان وإلا كان على الحاكم أن يحكم لكل واحد منهما على صاحبه بما يلزمه من حق في نفس ومال وأدب (قال) وذلك أن الله إنما ذكر أنهما "إن يريدا إصلاحا يوفق الله بينهما" ولم يذكر تفريقا (قال) وأختار للإمام أن يسأل الزوجين أن يتراضيا بالحكمين ويوكلاهما معاً فيوكلهما الزوج إن رأيا أن يفرقا بينهما فرقا على ما رأيا من أخذ شيئ أو غير أخذه﴾

(کتاب الام صفحہ ١٩٤ جلد ٥)

"جب میاں بیوی کے درمیان پھوٹ کا اندیشہ ہو اور وہ حاکم کے پاس اپنا معاملہ لے جائیں تو اس پر واجب ہے کہ ایک حَکَم شوہر کی طرف سے اور ایک حَکَم بیوی کی طرف سے بھیجے، یہ حَکَم اہلِ قناعت اور اہلِ عقل میں سے ہوں، تاکہ ان کے معاملے کی تحقیق کریں اور حتی المقدور مصالحت کرائیں لیکن حاکم کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ حَکَمین کو اپنی رائے سے شوہر کے حکم کے بغیر تفریق کا حکم دے، اور نہ وہ عورت کا کوئی مال اس کی

اجازت کے بغیر شوہر کو دے سکتے ہیں۔ پس اگر زوجین میں مصالحت ہو جائے تو بہتر' ورنہ حاکم پر یہ واجب ہے کہ وہ فریقین میں سے ہر ایک پر دوسرے کے جانی' مالی اور ادبی (معاشرتی) حقوقِ واجبہ کی ادائیگی کا فیصلہ کرے۔ اور اس کی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے صرف یہ ذکر فرمایا ہے کہ "اِنْ یُّرِیْدَا اِصْلاَحاً یُّوَفِّقِ اللّٰہُ بَیْنَہُمَا" (اگر وہ دونوں اصلاح کا ارادہ کریں گے تو اللہ تعالیٰ دونوں میں موافقت پیدا فرمادے گا) اور تفریق کا کوئی ذکر نہیں فرمایا۔ ہاں البتہ حاکم کے لئے میں یہ پسند کرتا ہوں کہ وہ زوجین سے کہے کہ وہ حَکَمین کے ہر فیصلے پر راضی ہو جائیں اور دونوں انہیں اپنا وکیل بنا دیں' شوہر حَکَمین کو اس بات کا وکیل بنائے کہ وہ اگر مناسب سمجھیں تو اپنی رائے کے مطابق کچھ لے کر یا بغیر کچھ لئے تفریق کردیں"۔

آگے لکھتے ہیں ﴿ ولایجبرا لزوجان علی توکیلھما إن لم یوکلا ﴾

(ایضاً صفحہ ۱۹۵ جلد ۵)

"اور اگر زوجین حَکَمین کو وکیل نہ بنائیں تو انہیں مجبور نہ کیا جائے گا"۔

امام ابو جعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ بھی انہی دلائل کی روشنی میں تحریر فرماتے ہیں :

﴿ ولیس للحکمین فی الشقاق أن یفرقا إلاّ أن یجعل ذلك إلیھما الزوج ﴾

(مختصر الطحاوی: صفحہ ۱۹۱ دارالکتاب العربی دکن ۱۳۷۰ھ)



"اور حَکَمین کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ شقاق کی صورت میں تفریق کردیں الاّیہ کہ شوہر انہیں یہ اختیار دے دے"۔

جناب جسٹس ایس اے رحمان صاحب نے اس مسئلہ پر علامہ ابنِ حزم رحمۃ اللہ علیہ کا حوالہ دے کر کہا ہے کہ انہوں نے اس پر مبسوط بحث کی ہے لیکن جسٹس صاحب نے اس طرف توجہ نہیں فرمائی کہ اس بحث کے بعد انہوں نے نتیجہ کیا نکالا ہے؟ علامہ ابنِ حزم رحمۃ اللہ علیہ نے اس مسئلے پر بحث کرنے کے بعد صاف لکھا ہے کہ :

﴿ لیس فی الآیة ولا فی شیئی من السُنن أن للحکمین أن یفرقا ولا أن ذلك للحاکم ﴾

(ابن حزم: المحلی، صفحہ ۸۷ و ۸۸ جلد ۱۰، ادارۃ الطباعۃ المنیریۃ ۱۳۵۲ھ)

"کسی بھی آیت یا حدیث سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ حَکَمین کو تفریق کا اختیار ہے' اور نہ یہ اختیار حاکم کے لئے ثابت ہوتا ہے"۔

## حضرت جمیلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا واقعہ

جسٹس صاحب نے صحیح بخاری کی مندرجہ ذیل حدیث سے بھی استدلال کیا ہے :

﴿ عن ابن عباس أنّ امرأة ثابت بن قیس أتت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالت یا رسول اللہ ثابت بن قیس ما أعتب علیہ فی خلقٍ ولا دینٍ ولکنی أکرہ الکفر فی الاسلام، فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتردین علیہ حدیقتہ

قالت نعم قال رسول صلی اللہ علیه وسلم اقبل الحدیقة وطلقها تطلیقة ﴾

(صحیح بخاری: صفحہ۷۹٤ جلد ۲ اصح المطابع کراچی)

"حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ثابت بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیوی (جمیلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں ثابت بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اخلاق اور دینداری سے ناراض نہیں ہوں، لیکن میں اسلام لانے کے بعد کفر کی باتوں سے ڈرتی ہوں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم ان پر ان کا باغ (جو انہوں نے بطور مہر دیا تھا) لوٹا دوگی؟ انہوں نے کہا ہاں، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے فرمایا کہ تم باغ قبول کرلو اور انہیں ایک طلاق دے دو"۔

لیکن اس حدیث سے استدلال اس لئے درست نہیں کہ مذکورہ واقعہ شوہر کی رضامندی سے ہوا تھا، اور انہوں نے خلع کے اس معاملے کو قبول کرلیا تھا، چنانچہ سننِ نسائی کی روایت کے الفاظ یہ ہیں :

﴿ فأرسل إلى ثابت فقال له خذالذی لها علیك وخلِّ سبیلها قال نعم ﴾

(الدر المنثور للسیوطیؒ: صفحہ۲۸۲ جلد ۱ بحوالہ نسائی)

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس پیغام بھیجا کہ جو مال ان کا تم پر واجب تھا وہ



لے لو اور ان کو چھوڑ دو، حضرت ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا، ہاں! "۔

اور ظاہر ہے کہ اگر شوہر خلع کو قبول کرلے تو کوئی مسئلہ ہی نہیں رہتا۔ گفتگو تو اس صورت میں ہو رہی ہے جبکہ شوہر خلع پر راضی نہیں ہے۔ رہی یہ بات کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں خلع کا حکم دیا تھا تو یہ حکم باتفاق علماء بطور مشورہ تھا، قاضی کی حیثیت میں جبراً نہیں تھا، حافظ ابنِ حجر رحمۃ اللہ علیہ اس کی شرح میں تحریر فرماتے ہیں :

﴿ هوأمر إرشاد واصلاح لاإيجاب ﴾

(الحافظ ابن حجرؒ: فتح الباری: صفحہ۳۲۹ جلد ۹ المطبعة البہیة ۱۳٤۸ھ)

"یہ ہدایت اور اصلاح کا حکم تھا، ایجابی حکم نہ تھا"۔

علّامہ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس لفظ کی تشریح کرتے ہوئے یہی لکھا ہے۔

اس کے علاوہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا شوہر کو طلاق کا حکم دینا خود اس بات کی واضح دلیل ہے کہ قاضی یا حاکم ازخود تفریق نہیں کرسکتا، بلکہ یہ کام صرف شوہر کرسکتا ہے۔ چنانچہ امام ابوبکر جصّاص رازی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

﴿ لوكان الخلع الى السلطان شاء الزوجان أو أبيا اذاعلم أنهما لايقيمان حدود الله لم يسئلهما النبى صلى الله عليه وسلم عن ذلك ولا خاطب الزوج بقوله اخلعها بل كان يخلعها منه ويردّ عليه حديقته وإن أبيا أوواحد منهما لما كانت فرقة المتلاعنين إلى الحاكم لم يقل للملاعن خلّ سبيلها

بل فرق بینھما ﴾

(الجصاصؒ: احکام القرآن صفحہ ۴۶۸ جلد ۱ المطبعۃ البھیۃ ۱۳۴۷ھ)

"اگر یہ اختیار سلطان کو ہوتا کہ وہ جب دیکھے کہ زوجین حدود اللہ کو قائم نہیں کریں گے تو خلع کردے، خواہ یہ زوجین کی خواہش ہو یا نہ ہو، تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ان دونوں سے اس کا سوال نہ فرماتے، اور نہ شوہر سے یہ کہتے کہ تم ان سے خلع کرلو، بلکہ خود خلع کرکے عورت کو چھڑا دیتے، اور شوہر پر اس کا باغ لوٹا دیتے، خواہ وہ دونوں انکار کرتے یا ان میں سے کوئی ایک انکار کرتا۔ جیسے کہ لعان میں زوجین کی تفریق کا اختیار حاکم کو ہوتا ہے تو وہ ملاعن (شوہر) سے یہ نہیں کہتا کہ اپنی بیوی کو چھوڑ دو، بلکہ خود تفریق کردیتا ہے"۔

امام ابوبکر جصّاص رحمۃ اللہ علیہ کی یہ دلیل نہایت وزنی ہے، یہی وجہ ہے کہ آج تک کسی فقیہ نے اس حدیث سے استدلال کرکے یہ نہیں کہا کہ حاکم شوہر کو خلع پر مجبور کرسکتا ہے۔

سعیدہ خانم بنام محمد سمیع کے مقدّمے میں فاضل جج صاحبان نے بھی حضرت جمیلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے واقعے کا یہی جواب دیا تھا کہ وہاں خلع شوہر کی مرضی سے ہوا تھا۔

(سعیدہ خانم بنام محمد سمیع۔ پی ایل ڈی ۱۹۵۲ء لاہور)

جسٹس ایس اے رحمان صاحب سعیدہ خانم کے مقدّمے پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

"سعیدہ خانم کے مقدّمے میں اس آیت پر غور نہیں کیا گیا جو حق خلع کے بارے میں ہے، اگرچہ حضرت جمیلہ رضی اللہ تعالیٰ



عنہا کی حدیث پر گفتگو کی گئی ہے"۔

سعیدہ خانم کے مقدّمے میں جو حضرت جمیلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے واقعے کو شوہر کی مرضی کا واقعہ قرار دیا گیا ہے، اس کا جواب دیتے ہوئے موصوف لکھتے ہیں :

"میری ناقص رائے میں یہ بات قرآن کے الفاظ اور روح کے ساتھ جو بیوی اور شوہر کو ایک دوسرے کے حقوق کے معاملے میں ایک ہی مقام دیتی ہے، زیادہ ہم آہنگ ہوگی کہ ان واقعات کی تشریح اس طرح کی جائے کہ اولوالامر بشمول قاضی خُلع کے ذریعہ خود بھی تفریق کا حکم دے سکے اگرچہ شوہر اس سے متفق نہ ہو"۔

(پی ایل ڈی (سپریم کورٹ) ۱۹۶۷ء صفحہ ۱۲۰ و ۱۲۱)

ظاہر ہے کہ جسٹس صاحب کے یہ الفاظ محض اپنے دعوے کے اعادہ کی حیثیت رکھتے ہیں، اور ان سے کسی طرح بھی اس بات کا جواب نہیں ہوتا کہ حضرت جمیلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا واقعہ باہمی رضامندی کا واقعہ تھا۔ رہی یہ بات کہ قرآن کریم کے "الفاظ" اور "روح" سے یہ سمجھ میں آتا ہے کہ قاضی شوہر کی مرضی کے خلاف خلع کے ذریعہ تفریق کرسکتا ہے، سو آیتِ خلع پر بحث کرتے ہوئے ہم مفصّل بحث کرچکے ہیں، جس سے یہ بات کھل کر سامنے آجاتی ہے کہ پوری امّت اور اس کے ائمہ تفسیر نے قرآن کریم کے ان الفاظ کا مفہوم یہی قرار دیا ہے کہ خلع صرف فریقین کی باہمی رضامندی سے ہوسکتا ہے، اس کے سوا اس کا کوئی راستہ نہیں۔

## حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ایک ارشاد

جناب جسٹس ایس اے رحمان صاحب نے اپنے فیصلے میں حضرت عمر رضی

اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک ارشاد سے بھی استدلال فرمایا ہے، سُننِ بیہقی میں روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا

﴿ إذا أرادت النساء الخلع فلا تكفروهن ﴾

(الدر المنثور للسیوطیؒ صفحہ ۲۸۳ جلد ۱)

"اگر عورتیں خلع کرنا چاہیں تو ان سے انکار نہ کرو"۔

لیکن حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ ارشاد خود اس بات کی دلیل ہے کہ حاکم فریقین یا ان میں سے کسی ایک کی مرضی کے خلاف خُلع نہیں کرسکتا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس ارشاد میں شوہروں کو خطاب فرمایا ہے، اس لئے کہ حاکم اور قاضی تو وہ خود تھے، اگر حاکم اور قاضی کو ازخود خلع کرنے کا اختیار ہوتا تو ان کو شوہروں سے یہ کہنے کی ضرورت ہی کیا تھی کہ جب عورتیں خلع کرنا چاہیں تو تم انکار نہ کرو۔ لہٰذا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس ارشاد سے اس بات پر کیسے استدلال کیا جاسکتا ہے کہ حاکم فریقین یا ان میں سے کسی ایک کی مرضی کے خلاف خود خلع کرسکتا ہے۔ ہاں! یہ ارشاد شوہروں کے لئے ایک ہدایت نامہ ضرور ہے کہ جب عورتیں خلع کرنا چاہیں تو انہیں خواہ مخواہ باندھے رکھنے کے بجائے خُلع کو قبول کرلینا چاہیے۔

یہاں تک ہم نے ان دلائل پر تبصرہ کیا ہے جو جناب جسٹس ایس اے رحمن صاحب نے اپنے فیصلے میں پیش کئے ہیں۔ اس فیصلے پر جسٹس ایس اے محمود صاحب نے بھی ایک نوٹ لکھا ہے، اس نوٹ میں بیشتر دلائل تو بنیادی طور پر وہی ہیں جو جناب جسٹس ایس اے رحمن صاحب نے پیش کئے ہیں، اور ان کا جواب پیچھے تفصیل کے ساتھ آچکا ہے البتہ اس میں دو باتیں نئی ہیں جن کا جواب پیچھے نہیں آیا۔

(۱) علاّمہ ابنِ رُشدؒ نے بدایۃ المجتہد میں خلع کا بیان کرتے ہوئے لکھا ہے :



﴿ والفقه أن الفداء إنما جعل للمرأة في مقابلة ما بيد الرجل من الطلاق فإنه لما جعل الطلاق بيد الرجل إذا فرك المرأة جعل الخلع بيد المرأة إذا فركت الرجل ﴾

"اور خلع میں راز یہ ہے کہ فدیہ (خلع) عورت کو مرد کے حقِّ طلاق کے مقابلے میں دیا گیا ہے، اس لئے کہ جب مرد عورت کو ناپسند کرے تو اسے طلاق کا اختیار دیدیا گیا ہے، اور جب عورت مرد کو ناپسند کرے تو اس کو خلع کا اختیار دیدیا گیا ہے"۔

اس سے جسٹس صاحب نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ جس طرح طلاق میں عورت کی رضامندی ضروری نہیں، اسی طرح خُلع میں مرد کی رضامندی ضروری نہیں، لیکن علاّمہ ابنِ رُشد رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کی یہ تشریح بوجوہِ ذیل صحیح نہیں :

(الف) اسی عبارت سے چند سطر پہلے علاّمہ ابنِ رُشد رحمۃ اللہ علیہ نے وضاحت کے ساتھ لکھا ہے کہ :

﴿ وأما ما يرجع الى الحال التي يجوز فيها الخلع من التي لا يجوز فإن الجمهور على أن الخلع جائز مع التراضي إذا لم يكن سبب رضاها بما تعطيه إضراره بها ﴾

(ابن رشدؒ بدایۃ المجتہد صفحہ ۶۸ جلد ۲ مصطفی البابی ۱۳۷۹ھ)

"رہی یہ بات کہ خلع کون سی حالت میں جائز ہوتا ہے اور کونسی حالت میں ناجائز سو جمہور کا اس پر اتفاق ہے کہ خلع باہمی رضامندی کی حالت میں جائز ہے، بشرطیکہ عورت کے مال کی ادائیگی پر راضی ہونے کا سبب مرد کی طرف سے اسے تنگ کرنا نہ ہو"۔

اس عبارت سے یہ بات بالکل صاف ہوجاتی ہے کہ خلع جائز ہی اس وقت ہوتا ہے جبکہ شوہر اور بیوی دونوں اس پر رضامند ہوں' البتّہ چونکہ اس طرح عورت کو فی الجملہ علیحدگی کا ایک راستہ مل جاتا ہے' اس لئے علامہ ابنِ رُشد رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو ایک نکتے کے طور پر اس طرح بیان کردیا ہے کہ عورت کا یہ اختیار مرد کے حقِ طلاق کے مقابلے میں ہے۔

(ب) ورنہ اگر علامہ ابنِ رُشد رحمۃ اللہ علیہ کا مطلب یہ ہوتا کہ خلع کا حق ٹھیک مرد کے حقِ طلاق کی طرح ہے تو ہونا یہ چاہئے تھا کہ ان کے نزدیک اس کے لئے عورت کو مال ادا کرنے کی ضرورت نہ ہوتی بلکہ جس طرح مرد کچھ پیسے دیئے بغیر طلاق دینے کا حق رکھتا ہے' اسی طرح عورت بھی پیسے ادا کئے بغیر علیحدگی حاصل کرنے کی مجاز ہوتی' حالانکہ یہ وہ بات ہے جسے خود جسٹس صاحبان بھی تسلیم نہیں فرماتے۔

(ج) اسی طرح اگر اس عبارت کا وہی مطلب ہوتا جو ان حضرات نے سمجھا ہے تو عورت کو خلع کے لئے عدالت کی طرف رجوع کرنے کی بھی ضرورت نہ ہونی چاہئے۔ بلکہ جس طرح شوہر عدالت میں جائے بغیر بیوی کو طلاق دے سکتا ہے' اسی طرح عورت کو بھی یہ حق ملنا چاہئے تھا' حالانکہ معزز جسٹس صاحبان اس بات کو بھی تسلیم نہیں فرماتے۔

اس سے واضح ہوگیا کہ علامہ ابن رُشد رحمۃ اللہ علیہ کا مقصد طلاق اور خلع کو ہر اعتبار سے ایک ہی سطح پر لا کھڑا کرنا نہیں ہے' بلکہ وہ ایک نکتے کے طور پر یہ بات کہنا چاہتے ہیں کہ عورت کو بھی خلع کے ذریعہ علیحدگی کا ایک راستہ دے دیا گیا ہے کہ وہ شوہر کو مہر یا کچھ اور مال کی ترغیب دلا کر علیحدگی حاصل کرسکتی ہے' اس کے لئے ایسا کرنے میں کوئی گناہ نہیں جیسا کہ خود الفاظِ قرآن لا جناح میں اس کی واضح شہادت ہے۔ لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ خلع میں شوہر کی



رضامندی کی بالکل ضرورت ہی نہیں ہے۔

(د) یہاں ایک اصولی بات کی طرف مختصراً اشارہ کردینا بھی فائدہ سے خالی نہ ہوگا۔ تمام فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ کا طریقہ عموماً یہ ہے کہ وہ صرف احکام اور ان کی علتیں بیان کرتے ہیں' حکمتوں اور مصلحتوں کا ذکر نہیں کرتے' اور اگر کہیں اتفاقاً ان کا ذکر کرتے ہیں تو الفقہ فیہ یا السرّ فیہ کے الفاظ سے اس کو ممتاز کردیتے ہیں' ایسی صورت میں مسلّمہ اصول یہ ہے کہ فقہاء کا قانونی منشاء معلوم کرنے کے لئے ان کے بیان کردہ اسباب و عِلَل کی طرف رجوع کیا جاتا ہے' اور جو بات وہ حکمت و مصلحت کے طور پر بیان کرتے ہیں اُسے کسی قانونی حکم کی بنیاد نہیں بنایا جاسکتا' اس لئے کہ احکامِ فقہیہ کا مدار علّتوں پر ہوتا ہے' حکمتوں پر نہیں۔ اور اس مقام پر ابنِ رُشدؒ نے یہ نکتہ الفقہ فیہ کے عنوان سے ہی بیان فرمایا ہے۔

(۲) ہمیں سب سے زیادہ حیرت جناب جسٹس ایس اے محمود صاحب کے اس ارشاد پر ہے کہ

> *"Ibne Hazam in "Al-Mohalla" supports the Qazi's right to effict separation by Khula after efforts at reconciliation have faild"*
> *(PLD (SC) 1967 p.137)*

> "ابنِ حزم رحمۃ اللہ علیہ نے المُحلّٰی میں قاضی کے اس حق کی حمایت کی ہے کہ جب میاں بیوی کے درمیان اتفاق پیدا کرنے کی کوششیں ناکام ہوجائیں تو وہ خلع کے ذریعہ تفریق کرسکتا ہے"۔

حالانکہ علامہ ابنِ حزم رحمۃ اللہ علیہ نے جس سختی کے ساتھ قاضی اور حکمین کے اس حق کی تردید کی، [illegible] ہر شخص المُحلّٰی میں دیکھ سکتا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

﴿ ولیس [illegible] ان یفرقا بین الزوجین لا بخلع ولا بغیرہ ﴾

"حکمین کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ میاں بیوی کے درمیان خلع کے ذریعہ یا بغیر خلع کے تفریق (علیحدگی) کردیں"۔

اور اس مسئلہ پر مفصّل بحث کرکے آخر میں لکھتے ہیں

﴿ لیس فی الآیة ولا فی شیء من السنن أن للحکمین أن یفرقا ولا أن ذلک للحاکم ﴾

(ابن حزمؒ المحلیٰ، صفحہ ۸۷ و ۸۸ جلد ۱۰، ادارة الطباعة المنیریة ۱۳۵۲ھ)

یعنی "کسی آیت یا کسی حدیث سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ حکمین کو میاں بیوی کے درمیان علیحدگی کرنے کا اختیار ہے اور نہ یہ اختیار حاکم (قاضی) کے لئے ثابت ہوتا ہے"۔

## مثبت دلائل

اب تک ہم نے ان دلائل کا فقہی جائزہ لیا ہے جو سپریم کورٹ کے مذکورہ فیصلے میں پیش کئے گئے ہیں۔ اب ہم مختصراً وہ دلائل مثبت طور پر پیش کرتے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ خلع باہمی رضامندی کا معاملہ ہے، اور حاکم کسی فریق کے علی الرّغم اسے نافذ نہیں کرسکتا۔

(۱) خلع کی آیت پر ہم پیچھے تفصیل کے ساتھ گفتگو کرچکے ہیں، اس بحث کی روشنی میں یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ اس آیت کے تین جملے خلع کے لئے فریقین کی رضامندی کو ضروری قرار دیتے ہیں

(الف) إلّا أن یخافا ألا یقیما حدود الله

(ب) فلا جناح علیهما

(ج) فیما افتدت به



(۲) قرآن کریم کا ارشاد ہے:

﴿ وإن طلقتموهن من قبل أن تمسوهن وقد فرضتم لهن فریضة فنصف ما فرضتم إلا أن یعفون أو یعفو الذي بیده عقدة النكاح ﴾

"اور اگر تم ان بیویوں کو طلاق دو قبل اس کے کہ ان کو ہاتھ لگاؤ، اور ان کے لئے کچھ مہر بھی مقرر کرچکے تھے تو جتنا مہر مقرر کیا ہو اس کا نصف ہے، مگر یہ کہ وہ عورتیں معاف کردیں یا یہ کہ وہ شخص رعایت کردے جس کے ہاتھ میں نکاح کا تعلق ہے"۔

(ترجمہ ماخوذ از حکیم الامّت مولانا تھانوی : بیان القرآن، صفحہ ۱۴۱ جلد ۱، شیخ غلام علی)

اس آیت میں الذي بیده عقدة النکاح (وہ شخص جس کے ہاتھ میں نکاح کا تعلق ہے) سے مراد خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق شوہر ہے، جس کے بارے میں آیت نے یہ واضح کردیا ہے کہ نکاح کا رشتہ تنہا اسی کے ہاتھ میں ہے، لہٰذا اس رشتے کو اس کے سوا کوئی ختم نہیں کرسکتا۔

جناب جسٹس ایس اے رحمٰن اور جناب جسٹس ایس اے محمود صاحب نے اس دلیل کا جواب یہ دیا ہے کہ بعض مفسّرین نے یہاں الذي بیده عقدة النکاح سے مراد شوہر کے بجائے عورت کے ولی کو قرار دیا ہے۔

لیکن یہ جواب مندرجہ ذیل وجوہ سے درست نہیں

(۱) یہ تفسیر کا ایک مسلّمہ اصول ہے کہ کسی آیت کا جو مفہوم خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمادیا ہو وہی مفہوم سب سے زیادہ مستند، قوی اور واجب

القول ہوتا ہے' اور اس معاملے میں خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک ارشاد موجود ہے جسے مختلف محدّثین نے روایت کیا ہے' اور سند کے لحاظ سے اس کا مرتبہ "حسن" سے کسی طرح کم نہیں۔ وہ ارشاد یہ ہے :

﴿ عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ولیّ عقدة النکاح الزوج ﴾

الدرقطنیؒ بحواله تفسیر القرطبیؒ: صفحه ۲۰۶ جلد ۳ دارالکتب المصریة ۱۹۳٦ء

"حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ولیّ عقدة النکاح (سے مراد) شوہر ہے"۔

اور اسی معنی کی ایک حدیث مرفوع ابنِ جریر رحمۃ اللہ علیہ' ابنِ ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ' طبرانی رحمۃ اللہ علیہ اور بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے سند حسن کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت سے بھی بیان کی ہے۔ جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلَّذِی بِیَدِہٖ عُقْدَةُ النِّکَاحِ کی تفسیر "شوہر" سے فرمائی ہے۔ (الآلوسی : روح المعانی' صفحہ ۱۵۴' جلد ۲ ادارۃ الطباعۃ المنیریۃ)

اسی وجہ سے صحابہ کرامؓ کی اکثریت سے اس آیت کی یہی تفسیر منقول ہے جن میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی داخل ہیں۔

(۲) امام المفسّرین حافظ ابنِ جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر میں اس موضوع پر نہایت مفصّل بحث کی ہے اور ناقابلِ انکار دلائل سے اسی تفسیر کو صحیح قرار دیا ہے۔ ان دلائل کو تفصیل کے ساتھ وہاں دیکھا جا سکتا ہے۔ یہاں بغرضِ



اختصار حوالہ پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

(دیکھئے تفسیر ابن جریر رحمۃ اللہ علیہ صفحہ ۳۱۸ جلد ۲ المطبعۃ المیمنیۃ مصر)

(۳) جسٹس صاحبان نے اس آیت کے جس مفہوم کو ترجیح دی ہے' اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ عورت کا ولی عورت کی اجازت کے بغیر اس کا حق مہر معاف کر سکتا ہے۔ قاضی ابوالسعود رحمۃ اللہ علیہ مشہور مفسّر قرآن ہیں' انہوں نے قرآن کریم کے اگلے جملے سے استدلال کر کے اس مفہوم کے خلاف بڑی مضبوط بات کہی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ اسی آیت کے فوراً بعد ارشاد ہے :

﴿ وَأَنْ تَعْفُوا أَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی ﴾

"اور اگر تم رعایت کر دو تو یہ تقویٰ کے زیادہ قریب ہے"۔

حالانکہ ولی کا عورت کے حقِ مہر کو معاف کر دینا کسی بھی اعتبار سے تقویٰ نہیں کہلا سکتا' یہ بات اسی وقت صحیح ہو سکتی ہے جبکہ اس کا مخاطب شوہر کو قرار دے کر یہ کہا جائے کہ وہ رعایت کر کے پورا مہر ادا کر دے تو یہ تقویٰ کے زیادہ قریب ہے :

﴿ ان الأول (ای کون المراد هو الزوج) أنسب لقوله تعالیٰ وأن تعفوا اقرب للتقویٰ فان اسقاط حق الصغیرة لیس فی شیئ من التقویٰ ﴾

(القاضی ابوالسعودؒ: تفسیر ارشاد العقل السلیم صفحه ۱۷۹ جلد ۱ المطبعة المصریة ۱۳٤۷ھ)

## فقہاء کی عبارتیں

آخر میں ہم فقہاء مجتہدین کی وہ عبارتیں پیش کرتے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ حنفی' شافعی' مالکی' حنبلی اور ظاہری مسلک میں سے ہر ایک اس بات پر

متفق ہے کہ خُلع صرف میاں بیوی کی باہمی رضامندی سے ہو سکتا ہے' اور ان میں سے کوئی فریق دوسرے کو اس پر مجبور نہیں کر سکتا۔

## حنفی مسلک :

حنفی مسلک کی بہت سی کتابوں کے حوالے ہم پیچھے پیش کر چکے ہیں' یہاں صرف شمس الائمہ سرخسی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک عبارت پیش کرتے ہیں جو تمام فقہاء حنفیہ رحمۃ اللہ علیہ کے مأخذ کی حیثیت رکھتی ہے :

﴿والخلع جائز عندالسلطان وغیرہ لانہ عقد یعتمد التراضی﴾

(السرخسیؒ: المبسوط صفحہ ۱۷۳ جلد ۶ مطبعۃ السعادۃ مصر ۱۳۲۴ھ)

"اور خُلع سلطان (حاکم) کے پاس بھی جائز ہے' اور اس کے علاوہ بھی۔ اس لئے کہ یہ ایسا عقد ہے جس کی ساری بنیاد باہمی رضامندی پر ہے"۔

اس کے علاوہ امام ابوبکر جصّاص رحمۃ اللہ علیہ کی صریح عبارت اس مفہوم پر پیچھے دوبار پیش کی جا چکی ہے نیز فتاویٰ عالمگیریہ اور ابنِ عابدین شامیؒ کی عبارتیں بھی گذر چکی ہیں۔

## شافعی مسلک :

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں :

﴿لأن الخلع طلاق فلایکون لأحدأن یطلق عن احدأب ولا سید ولاولیّ ولا سلطان﴾

(الامام الشافعیؒ: کتاب الام صفحہ ۲۰۰ جلد ۵ مکتبۃ الکلیات الازہریہ ۱۳۸۱ھ)



"اس لئے کہ خلع طلاق کے حکم میں ہے' لہٰذا کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ کسی دوسرے کی طرف سے طلاق دے' نہ باپ کو یہ حق ہے' نہ آقا کو' نہ سرپرست کو اور نہ حاکم کو"۔

اور علامہ ابو اسحٰق شیرازی شافعی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں

﴿لان رفع عقد بالتراضی جعل لدفع الضرر فجاز من غیر ضرر کالاقالۃ فی البیع﴾

(الشیرازیؒ المہذب صفحہ ۷۱ جلد ۲ عیسی البابی ۱۳۷۶ھ)

"اس لئے کہ یہ (خلع) باہمی رضامندی سے عقدِ نکاح کو ختم کرنے کا نام ہے جو ضرر دور کرنے کے لئے مشروع ہوا ہے' لہٰذا جہاں کسی فریق کو ضرر نہ ہو وہاں (بدرجہ اولیٰ) جائز ہے' جیسے کہ بیع میں اقالہ (واپسی)"۔

## مالکی مسلک :

(۱) علامہ ابوالولید باجی مالکی رحمۃ اللہ علیہ موطاء امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی شرح میں لکھتے ہیں

﴿ویجبر علی الرجوع إلیہ إن لم یرد فراقہا بخلع أوغیرہ﴾

(ابوالولید الباجیؒ: المنتقیٰ صفحہ ۶۱ جلد ۷ مطبعۃ السعادۃ)

"عورت کو شوہر کے پاس جانے پر مجبور کیا جائے گا اگر شوہر خلع وغیرہ کے ذریعہ علیٰحدگی نہ چاہتا ہو"۔

(۲) اور علامہ ابنِ رُشد مالکی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں

﴿وأما مایرجع الی الحال التی یجوز فیہا الخلع من التی لایجوز فإن الجمہور علی أن الخلع جائز مع التراضی إذا لم

بكن سبب رضا هما بما تعطيه إصر . . بها ﴾

(ابن رُشدؒ . بداية المجتهد صفحه ٦٨ جلد ٢ مصطفی لبابی ١٣٧٩ھ)

"رہی یہ بات کہ خلع کون سی حالت میں جائز ہوتا ہے اور کونسی حالت میں ناجائز، تو جمہور فقہاء کا اصول ہے کہ خلع باہمی رضامندی کے ساتھ جائز ہے، بشرطیکہ عورت کے مال کی ادائیگی پر راضی ہونے کا سبب مرد کی طرف سے اسے تنگ کرنا نہ ہو"۔

## حنبلی مسلک ۔

فقہ حنبلی کے مستند ترین شارح علامہ موفق الدین بن قدامہ حنبلی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں

﴿ ولأنه معاوضة فلم يفتقر إلى سلطان كالبيع والنكاح ولا نه قطع عقد بالتراضي أشبه الإقالة ﴾

(ابن قدامہؒ المغنی صفحہ ٥٢ جلد ٧ دارالمنار ١٣٦٧ھ)

"اور اس لئے کہ یہ عقدِ معاوضہ ہے، لہٰذا اس کے لئے حاکم کی ضرورت نہیں، جیسا کہ بیع اور نکاح۔ نیز اس لئے کہ خلع باہمی رضامندی سے عقد کو ختم کرنے کا نام ہے، لہٰذا یہ اقالہ (فسخِ بیع) کے مشابہ ہے"۔

اور علامہ ابن قیم جوزیہ رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں

﴿ وفي تسمية صلى الله عليه وسلم الخلع فدية دليل على أن فيه معنى المعاوضة ولهذا اعتبر فيه رضا الزوجين ﴾

(ابن القیمؒ. زاد المعاد صفحہ ٢٣٨ جلد ٢ مطبعۃ مصر ١٣٢٤ھ)

"اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو خلع کا نام فدیہ رکھا



یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس میں عقدِ معاوضہ کے معنی پائے جاتے ہیں، اسی لئے اس میں زوجین کی رضامندی کو شرط قرار دیا گیا ہے"۔

## ظاہری مسلک :

علامہ ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں

﴿ الخلع وهو الافتداء إذا كرهت المرأة زوجها فخافت ان لا توفيه حقه أو خافت أن يبغضها فلا يوفيها حقها فلها أن تفتدي منه و يطلقها إن رضي هو و إلا لم يجبر هو و لا أجبرت هي، انما يجوز بتراضيهما ولا يحل الافتداء إلا بأحد الوجهين المذكورين او اجتماعهما فان وقع بغيرهما فهو باطل ويرد عليها ما أخذ منها وهي امرأته كما كانت ويبطل طلاقه ويمنع من ظلمها فقط ﴾

(ابن حزمؒ: المحلی صفحہ ٢٣٥ جلد ١٠ ادارۃ الطباعۃ المنیریۃ ١٣٥٢ھ)

"خلع اور وہ فدیہ دے کر جان چھڑانے کا نام ہے، جب عورت اپنے شوہر کو ناپسند کرے اور اُسے ڈر ہو کہ وہ شوہر کا حق پورا ادا نہیں کر سکے گی، یا اُسے خوف ہو کہ شوہر اس سے نفرت کرے گا اور اس کے پورے حقوق ادا نہیں کرے گا تو اسے یہ اختیار ہے کہ وہ شوہر کو کچھ فدیہ دے اور اگر شوہر راضی ہو تو وہ اسے طلاق دے دے، اور اگر شوہر راضی نہ ہو تو نہ شوہر کو مجبور کیا جا سکتا ہے نہ عورت کو، خلع تو صرف باہمی رضامندی سے جائز ہوتا ہے۔ اور جب تک مذکورہ دو صورتوں

میں سے کوئی ایک یا دونوں نہ پائی جائیں خلع حلال نہیں ہوتا۔ لہٰذا اگر ان کے سوا کسی طرح خلع کرلیا گیا تو وہ باطل ہے اور شوہر نے جو کچھ مال لیا ہے وہ لوٹائے گا' اور عورت بدستور اس کی بیوی رہے گی اور اس کی طلاق باطل ہوگی اور شوہر کو صرف عورت پر ظلم کرنے سے منع کیا جائے گا"۔

اور ایک اور مقام پر لکھتے ہیں

﴿ لیس فی الآیة ولافی شیئی من السنن أن للحکمین أن یفرقاولا ان ذلك للحاکم ﴾ (ایضاً صفحہ ۸۸ جلد ۱۰)

"کسی بھی آیت یا کسی بھی حدیث سے یہ ثابت نہیں ہے کہ حکمین (ARBITRATORS) کو میاں بیوی کے درمیان علیحدگی کرنے کا اختیار ہے' اور نہ یہ اختیار حاکم کے لئے ثابت ہوتا ہے"۔

## خلع کا فقہی مفہوم

حقیقت یہ ہے کہ خلع کے فقہی مفہوم ہی میں یہ بات داخل ہے کہ وہ شوہر اور بیوی دونوں کی رضامندی سے انجام پائے' اس کے سوا اس کی کوئی اور شکل نہیں۔ علامہ ابوالفتح مطرزی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "المغرب" جو فقہی اصطلاحات کا مفہوم بیان کرنے کے لئے لکھی ہے' اس میں تحریر فرماتے ہیں :

﴿ وخالعت المرأة زوجها واختلعت منه اذا افتدت منه بمالها فإذا أجابها إلى ذلك وطلقها قيل خلعها ﴾

(المطرزی: المعرب فی ترتیب المغرب صفحہ ۱۶۵ جلد ۱ دکن ۱۳۲۸ھ)

خالعت المرأة اور اختلعت المرأة کے الفاظ



اس وقت استعمال کئے جاتے ہیں جب عورت اپنی آزادی کے لئے کوئی فدیہ پیش کرے۔ پس اگر شوہر اس کی پیشکش کو قبول کرلے اور طلاق دے دے تو کہا جاتا ہے کہ خلعها (یعنی مرد نے عورت کو خلع کردیا) "۔

مذکورہ بالا بحث سے یہ بات بھی واضح ہوجاتی ہے کہ جناب جسٹس ایس اے رحمٰن صاحب نے اپنی بحث کے شروع میں تقلید کے مسئلے پر جو گفتگو فرمائی ہے' وہ بھی زیرِ بحث مسئلہ میں بالکل غیر متعلق (IRRELEVENT) ہے' اس لئے کہ یہاں مسئلہ تقلید کا نہیں' تمام فقہاء کے اتفاق کا ہے۔ تقلید کا ذکر اس مقام پر تو موزوں ہوتا ہے جہاں کوئی مسئلہ کسی ایک مجتہد کے قول پر مبنی ہو' لیکن آپ نے ملاحظہ فرمالیا کہ یہ مسئلہ حنفی' شافعی' مالکی' حنبلی' یہاں تک کہ ظاہری فقہاء تک کے یہاں مسلّم اور متفق علیہ ہے' محض کسی ایک مجتہد کی ذاتی رائے نہیں ہے' لہٰذا جناب جسٹس صاحب نے تقلید کے بارے میں جو کچھ فرمایا ہے' اس پر تبصرہ کرنا ہم یہاں ضروری نہیں سمجھتے۔

آخر میں ایک اور مغالطے کا جواب دے دینا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ جناب جسٹس ایس اے محمود صاحب نے تحریر فرمایا ہے کہ فقہاء کی جتنی عبارتوں میں باہمی رضامندی کے ساتھ خلع کا ذکر کیا گیا ہے' وہ خلع کی صرف ایک قسم ہے' جس میں معاملہ حاکم تک نہیں پہنچایا جاتا' لیکن خلع کی ایک دوسری قسم بھی ہے جس میں حاکم ہی خلع کرتا ہے' اور حاکم ہی کے حکم سے (نہ کہ شوہر کے تلفظِ طلاق سے) علیحدگی عمل میں آتی ہے اور اس میں شوہر کی رضامندی ضروری نہیں۔

(پی ایل ڈی (سپریم کورٹ) ۱۹۶۷ء صفحہ ۱۴۰)

لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر واقعی فقہاء کے نزدیک خلع کی یہ دو قسمیں ہیں تو فقہاء نے ان دونوں قسموں کو الگ الگ کرکے کیوں بیان نہیں کیا؟ کیا وجہ ہے کہ وہ خلع کی تعریف ایسی کرتے ہیں جو صرف پہلی قسم کو شامل ہو؟ پھر

اپنی کتابوں میں تمام احکام، شرائط، ارکان اور تفصیلات بھی "پہلی قسم" ہی کی بیان کرتے ہیں، اور خلع کے ابواب میں کسی ایک لفظ کے ذریعہ بھی دوسری قسم کا کوئی اشارہ تک نہیں دیتے؟ جس خلع کے لئے انہوں نے باہمی رضامندی کو ضروری قرار دیا ہے، اگر وہ خلع کی صرف ایک قسم ہے تو آخر وہ دوسری قسم کہاں ہے؟ اس کے احکام کا بیان کس جگہ کیا گیا ہے؟ پہلی قسم کے لئے تو پورا باب موجود ہے، مگر کیا دوسری قسم ایک فقرے کی وضاحت کی بھی مستحق نہیں تھی؟

اگر اس طرز استدلال کو درست مان لیا جائے تو کیا کل یہ نہیں کہا جاسکتا کہ طلاق کے جتنے احکام فقہاء نے بیان کئے ہیں، وہ صرف طلاق کی ایک قسم کے احکام ہیں جس کا اختیار مرد کو ہوتا ہے، اور طلاق کی ایک اور قسم بھی ہے جس کا اختیار عورت کو دیا گیا ہے۔ اور جس جگہ فقہاء نے یہ کہا ہے کہ طلاق کا اختیار صرف مرد کو ہے، اس سے مراد صرف پہلی قسم ہے، اور دوسری قسم میں یہ اختیار عورت کو حاصل ہے۔

اگر یہ بات درست نہیں، اور کون ہے جو اسے درست کہہ سکے۔ تو پھر یہی بات خلع کے بارے میں کیونکر درست ہو سکتی ہے؟

## قاضی کی تفریق بین الزّوجین

یہاں یہ سوال ہو سکتا ہے کہ جمہور فقہاء کے نزدیک بعض مخصوص حالات میں قاضی شرعی کو یہ حق دیا گیا ہے کہ وہ بلا مرضئ شوہر بھی زوجین میں تفریق کردے جو بحکمِ طلاق ہے۔ اور یہ طلاق شوہر کی اجازت کے بغیر حاکم کی طرف سے ہوتی ہے جیسے مفقود الخبر شوہر، مجنوں، نامرد وغیرہ شوہر کے معاملات تمام کتب فقہ میں مفصّل موجود ہیں۔ اس لئے تفریقِ قاضی کے مسئلہ کی وضاحت کردینا مناسب ہے۔



صورتِ حال یہ ہے کہ عورت کے جو حقوق مرد پر واجب ہیں، وہ دو قسم کے ہیں، ایک وہ حقوق جو قانونی حیثیت رکھتے ہیں اور جو نکاح کے قانونی مقاصد حاصل کرنے کے لئے ضروری ہیں، مثلاً نان ونفقہ اور وظائفِ زوجیت وغیرہ۔ یہ وہ حقوق ہیں جنھیں بزورِ عدالت شوہر سے وصول کیا جاسکتا ہے اور اگر شوہر ان کی ادائیگی سے عاجز ہو تو اس پر قانوناً واجب ہوجاتا ہے کہ عورت کو طلاق دے، ایسی صورت میں اگر وہ طلاق دینے سے انکار کرے یا طلاق دینے کے قابل نہ ہو تو مجبوراً قاضی کو اس کا قائم مقام قرار دے کر تفریق کا اختیار دیا جاتا ہے۔ مجنوں، متعنت (نان ونفقہ نہ دینے والا)، عِنّین (نامرد)، مفقود الخبر، اور غائب غیر مفقود میں یہی صورت ہوتی ہے۔

اس کے برخلاف نکاح کے بعض حقوق ایسے ہیں جن کی ادائیگی شوہر پر دیانۃً ضروری ہے لیکن وہ قانونی حیثیت نہیں رکھتے، اور نہ انھیں بزور عدالت وصول کیا جاسکتا ہے، مثلاً بیوی کے ساتھ حسنِ سلوک اور خوش اخلاقی کا معاملہ، ظاہر ہے کہ یہ حقوق بزورِ قانون نافذ نہیں کئے جاسکتے، جب تک شوہر کے دل میں خدا کا خوف اور آخرت کی فکر نہ ہو دنیا کی کوئی عدالت ان کا انتظام نہیں کرسکتی، اور جب اس قسم کے حقوق کا تعلق عدالت سے نہیں ہے تو اسے یہ اختیار بھی حاصل نہیں ہے کہ حق تلفی کی صورت میں وہ نکاح فسخ کردے۔

چنانچہ اس بات پر تمام فقہاء کا اتفاق ہے کہ صرف پانچ عیوب کی بناء پر قاضی کو تفریق کا اختیار ملتا ہے۔

- ایک اس وقت جب کہ شوہر پاگل ہوگیا ہو،
- دوسرے جب وہ نان ونفقہ ادا نہ کرتا ہو،
- تیسرے جب وہ نامرد ہو،
- چوتھے جب وہ بالکل لاپتہ ہوگیا ہو

○ پانچویں جب غائب غیر مفقود کی صورت ہو'

ان صورتوں کے سوا قاضی کو کہیں بھی تفریق کا اختیار نہیں ہے' اور محض عورت کی طرف سے ناپسندیدگی کسی بھی فقہ میں فسخِ نکاح کی وجہ جواز نہیں بنتی۔

وآخر دعوانا أن الحمد لله رب العالمين